قَالَ إِنَّمَا أُوتِيتُهُ عَلَىٰ عِلْمٍ عِندِي أَوَلَمْ يَعْلَمْ


بولا یہ تو مجھکو ملا ہے ایک ہنر سے جو میرے پاس ہے کیا نہ جانا

أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَهْلَكَ مِن قَبْلِهِ مِنَ الْقُرُونِ مَنْ

کہ اللہ کھپا چکا ہے اوس سے پہلے کتنی سنگتین جو

هُوَ أَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَأَكْثَرُ جَمْعًا وَلَا يُسْأَلُ عَن

اوس سے زیادہ رکھتے تھے زور اور زیادہ مال کی جمع اور پوچھے نہ جاوین



ذُنُوبِهِمُ الْمُجْرِمُونَ ۝ فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ
گنہگاروں سے اونکے گناہ ۝ پھر نکلا اپنی قوم کے سامنے اپنی تیاری سے

قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ
کہنے لگے جو طالب تھے دنیا کی زندگی کے ای کسی طرح ہمکو ملے جیسا کچھ

مَاۤ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ۝ وَقَالَ
ملا ہے قارون کو بیشک اوسکی بڑی قسمت ہے اور بولے

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ
جنکو ملی تھی بوجھ ای خرابی تمہاری اللہ کا دیا ثواب بہتر ہے اونکو جو یقین لائے

وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ۝ فَخَسَفْنَا
اور کیا بھلا کام اور یہ بات اون ہی کے دل میں پڑتی ہے جو سہنے والے ہیں ۝ پھر دھسا دیا ہم نے


بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ
اوسکو اور اوسکے گھر کو زمین میں پھر نہوئی اوسکی کوئی جماعت جو مدد کرتی اوسکی

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۗ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ۝ وَاَصْبَحَ
اللہ کے سوائے اور نہ وہ مدد لا سکا اور فجر کو

الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ
لگے کہنے جو مناتے تھے اوسکا سا درجہ ارے خرابی یہ تو اللہ

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ
کھولتا ہے روزی جسکو چاہے اپنے بندوں میں اور روکتا ہے

لَوْلَاۤ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ
اگر نہ احسان کرتا اللہ ہم پر تو ہمکو دھسا دیتا ارے خرابی یہ تو



لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا

بھلا نہین پاتے منکر ۔ وہ گھر پچھلا ہے وہ دین گے ہم اونکو

لِلَّذِيْنَ لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ

جو نہین چاہتے چڑھنا ملک مین اور نہ بگاڑ ڈالنا

وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ

اور آخر بھلا ہے ڈر والون کا ۔ جو کوئی لایا بھلائی اوسکو ملنا ہے اوس سے بہتر

مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَى الَّذِيْنَ

اور جو کوئی لایا برائی سو برائیان کرنے والے

عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْ

وہی سزا پاوینگے جو کرتے تھے ۔ جس شخص نے

فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ

حکم بھیجا تجھپر قرآن کا وہ پھیر لانیوالا ہے تجھکو پہلی جگہہ تو کہہ میرا رب

اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝

خوب جانتا ہے کون لایا راہ کی سوجھ اور کون پڑا ہے صریح بہکاوے مین ۔

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً

اور تو توقع نرکھتا تھا کہ اوتارے تجھپر کتاب مگر مہر ہوکر

مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَلَا

تیرے رب کی طرف سے سو تو نہو مددگار کافرون کا ۔ اور نہو

يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى

کہ وہ تجھکو روکیں دین اللہ کے حکمون سے جب اوتر چکے تیری طرف اور بلا

رَبِّكَ وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ وَلَا تَدْعُ

اپنے رب کی طرف اور نہو شریک والون مین ول اور مت پکار

مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ كُلُّ شَيْءٍ

اللہ کے سوائے اور حاکم کسی کی بندگی نہین اوسکے سوائے ہر چیز

وقف لازم

هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ لَهُ الْحُكْمُ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

فنا ہے مگر اوسکا منہ اوسی کا حکم ہے اور اوسی کی طرف پھر جاؤ گے

ع ثلث اربع

## سُورَةُ الْعَنْكَبُوتِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَسِتُّونَ آيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الٓمٓ ۝ أَحَسِبَ النَّاسُ أَنْ يُتْرَكُوا أَنْ يَقُولُوا آمَنَّا

کیا یہ سمجھے ہین لوگ کہ چھوٹ جاوینگے اتنا کہکر کہ ہم یقین لائے

وَهُمْ لَا يُفْتَنُونَ ۝ وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ

اور ونکو جانچ نہ لین گے اور ہمنے جانچا ہے اونکو جو ان سے پہلے تھے

فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِينَ صَدَقُوا وَلَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِينَ ۝

سو البتہ معلوم کریگا اللہ جو لوگ سچے ہین اور البتہ معلوم کریگا جو جھوٹے

أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ أَنْ يَسْبِقُونَا

کیا یہ سمجھے ہین جو لوگ کرتے ہین برائیان کہ ہم سے آگے نکل جاوین

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ۝ مَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللّٰهِ فَإِنَّ

بری بات چکاتے ہین جو کوئی توقع رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کی سو

أَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَمَنْ جَاهَدَ

الله کا وعده آتا ہی اور وه ہے سنتا جانتا اور جو کوئی محنت اوٹھاوے

فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ○

سو اوٹھاتا ہے اپنے ہی واسطے الله کو پروا نہین جہان والون کی

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ

اور جو لوگ یقین لائے اور کیے بھلے کام ہم اوتار دینگے اون سے

سَيِّاٰتِهِمْ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○

برائیان اونکی اور بدلا دینگے اون کو بہتر سے بہتر کامون کا ف

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ۚ وَاِنْ جَاهَدٰكَ

اور ہمنے تقید کردیا انسان کو اپنے مان باپ سے بھلے رہنا اور اگر وه تجھ سے زور کرین

لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ۚ اِلَيَّ

کر تو شریک پکڑے میرا جسکی تجھکو خبر نہین تو نه اونکا کہا مان مجھی تک

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ

پھر آنا ہے تمکو سو مین جتادونگا تمکو جو کچھ تم کرتے تھے اور جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِي الصّٰلِحِيْنَ ○

یقین لائے اور بھلے کام کیے ہم اونکو داخل کرینگے نیک لوگون مین ع ۲

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ فَاِذَآ اُوْذِيَ

اور ایک لوگ ہین که کہتے ہین یقین لائے ہم الله پر پھر جب اوسکو ایذا پہونچی

فِي اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ۚ وَلَئِنْ

الله کے واسطے ٹھہراوے لوگون کا ستانا برابر الله کی مار کے اور اگر



جَآءَ نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ اَوَلَيْسَ

آپہونچے مدد تیرے رب کی طرف سے کہنے لگیں ہم تو تمہارے ساتھ تھے کیا یون نہین کہ

اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَلَيَعْلَمَنَّ

اللہ خوب خبردار ہے جو کچھ جیون مین ہے جہان والون کے اور البتہ معلوم کریگا

اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ ○ وَقَالَ

اللہ جو لوگ یقین لائے ہین اور البتہ معلوم کریگا جو لوگ دغاباز ہین اور کہنے لگے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبِعُوْا سَبِيْلَنَا وَلْنَحْمِلْ

منکر ایمان والون کو تم چلو ہماری راہ اور ہم اوٹھالیوین

خَطٰيٰكُمْ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِيْنَ مِنْ خَطٰيٰهُمْ مِّنْ شَيْءٍ ط

تمہارے گناہ اور وہ کچھ نہ اوٹھاوینگے انکے گناہ

اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ○ وَلَيَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ

وہ جھوٹے ہین اور البتہ اوٹھاوینگے اپنے بوجھ اور کتنے بوجھ ساتھ

اَثْقَالِهِمْ وَلَيُسْـَٔلُنَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَمَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ○

اپنے بوجھ کے اور البتہ اون سے پوچھ ہوگی قیامت کے دن جو باتین جھوٹ بناتے تھے ف

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَلَبِثَ فِيْهِمْ اَلْفَ

اور ہمنے بھیجا نوح کو اوسکی قوم پاس پھر رہا اون مین ہزار

سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ط فَاَخَذَهُمُ الطُّوْفَانُ

برس پچاس برس کم پھر پکڑا اونکو طوفان نے

وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ○ فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ وَ

اور وہ گنہگار تھے ف۲ پھر بچادیا ہم نے اوسکو اور جہاز والون کو اور

ف۱ کوئی چاہے کہ رفاقت کر کے کسی کے گناہ اپنے اوپر لے لیوے یہ ہونا نہین مگر جسکو گمراہ کیا اور اوسکے بہکانے سے اوسنے گناہ کیا وہ گناہ اوسپر بھی اور اسپر بھی

ف۲ کہتے ہیں طوفان کے پیچھے بھی ایک مدت رہے ساری عمر ہوئی

جعلنها اية للعلمين ○ وابرهيم اذ قال لقومه اعبدوا

رکھا ہمنے جہاز نشانی جہان والون کو ف۱ اور ابراہیم کو جب کہا اپنی قوم کو بندگی کرو

الله واتقوه ذلكم خير لكم ان كنتم تعلمون ○

اللہ کی اور اوسکا ڈر رکھو یہ بہتر ہے تمکو اگر تم سمجھ رکھتے ہو

انما تعبدون من دون الله اوثانا وتخلقون

تم تو پوجتے ہو اللہ کے سوائے یہی بتون کے تھان اور بناتے ہو

افكا ان الذين تعبدون من دون الله لا يملكون

جھوٹی باتین بیشک جنکو پوجتے ہو اللہ کے سوائے مالک نہین

لكم رزقا فابتغوا عند الله الرزق واعبدوه

تمہاری روزی کے سو تم ڈھونڈھو اللہ کے ہان روزی اور اوسکی بندگی کرو

واشكروا له اليه ترجعون ○ وان تكذبوا

اور اوسکا حق مانو اوسی کی طرف پھر جاؤ گے اور اگر تم جھٹلاؤ گے

فقد كذب امم من قبلكم وما على الرسول الا

تو جھٹلا چکے ہین بہت فرقے تم سے پہلے اور رسول کا ذمہ یہی ہے

البلغ المبين ○ اولم يروا كيف يبدئ الله الخلق


پہونچا دینا کھول کر ف۲ کیا دیکھتے نہین کیونکر شروع کرتا ہے اللہ پیدایش کو

ثم يعيده ان ذلك على الله يسير ○ قل سيروا

پھر اوسکو دوہرا دیگا یہ اللہ پر آسان ہے ف۳ تو کہہ پھرو

في الارض فانظروا كيف بدا الخلق ثم الله ينشئ

ملک مین پھر دیکھو کیونکر شروع کی ہے پیدائش پھر اللہ اوٹھا دیگا



النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يُعَذِّبُ

پچھلا اوٹھان بیشک اللہ ہر چیز کرسکتا ہے ماریگا

مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَرْحَمُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ۝ وَمَآ

جسکو چاہے اور رحم کریگا جسپر چاہے اور اوسی کی طرف پھرجاؤ گے اور

اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ

تم عاجز کرنے والے نہین زمین مین نہ آسمان مین اور کوئی نہین تمہارا

دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اللہ سے ورے حمایتی نہ مددگار اور جو لوگ منکر ہوے

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَاۗىِٕهٖٓ اُولٰۗىِٕكَ يَىِٕسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَ

اللہ کی باتون سے اور اوسکے ملنے سے وہ نا امید ہوے میری مہر سے اور

اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ

اونکو دکھ کی مار ہے پھر کچھ جواب نہ تھا اوسکی قوم کا

اِلَّآ اَنْ قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ اللّٰهُ مِنَ

مگر یہی کہ بولے اسکو مار ڈالو یا جلادو پھر اوسکو بچادیا اللہ نے

النَّارِ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ وَقَالَ

آگ سے اسمین بڑے پتے ہین اون لوگون کو جو یقین لاتے ہین ق اور بولا

اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ

جو ٹھہرائے ہین تم نے اللہ کے سوا بتون کے تھان سو دوستی کرکے آپس مین

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ بَعْضُكُمْ

دنیا کی زندگی مین پھر دن قیامت کے منکر ہوجاؤ گے ایک سے

ببعض ويلعن بعضكم بعضا ومأوىكم النار وما

ایک اور پھٹکارو گے ایک کو ایک اور ٹھکانا تمہارا آگ ہے اور کوئی نہین

لكم من نصرين ۝ فآمن له لوط وقال اني

تمہارے مددگار ف۱ پھر مانا اوسکو لوط نے اور وہ بولا مین

مهاجر الى ربي انه هو العزيز الحكيم ۝ ووهبنا

وطن چھوڑتا ہون اپنے رب کی طرف بیشک وہی ہے زبردست حکمت والا ف۲ اور دیا ہمنے

له اسحق ويعقوب وجعلنا في ذريته النبوة

اوسکو اسحاق اور یعقوب اور رکھی اوسکی اولاد مین پیغمبری

والكتب واتينه اجره في الدنيا وانه في الاخرة

اور کتاب اور دیا ہم نے اوسکو اوسکا نیگ دنیا مین اور وہ آخرت مین

لمن الصلحين ۝ ولوطا اذ قال لقومه انكم لتاتون

نیکون سے ہے ف۳ اور بھیجا لوط کو جب کہا اپنی قوم کو تم آتے ہو

الفاحشة ما سبقكم بها من احد من العلمين ۝

بیحیائی کے کام پر تم سے پہلے نہین کیا وہ کسی نے جہان مین

ائنكم لتاتون الرجال وتقطعون السبيل ۵ و

تم کیا دوڑتے ہو مردون پر اور راہ مارتے ہو اور

تاتون في ناديكم المنكر فما كان جواب قومه الا

کرتے ہو اپنی مجلس مین برا کام پھر کچھ جواب نہ تھا اوسکی قوم کا مگر

ان قالوا ائتنا بعذاب الله ان كنت من الصدقين ۝

یہی کہ بولے لے آ ہم پر آفت اللہ کی اگر تو ہے سچا


ف۱ [illegible]

وقف لازم

[illegible]

ف۲ [illegible] وطن شہر بابل پھر نکلا [illegible] ملک شام مین پہونچا [illegible] ۱۲ منہ

ف۳ دنیا مین حق تعالی نے مال اور اولاد اور عزت اور بیٹے کا نام نیک دیا اور ملک شام [illegible] اولاد کو دیا ۱۲ منہ [illegible]



قَالَ رَبِّ انْصُرْنِي عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَلَمَّا جَاءَتْ

بولا اے رب میری مدد کر ان شریر لوگون پر ف اور جب پہنچے

رُسُلُنَا إِبْرٰهِيمَ بِالْبُشْرٰى قَالُوا إِنَّا مُهْلِكُوا أَهْلِ

ہمارے بھیجے ابراہیم پاس خوشخبری لیکر بولے ہمکو کھپا دینی ہے یہ

هٰذِهِ الْقَرْيَةِ إِنَّ أَهْلَهَا كَانُوا ظٰلِمِينَ ۝ قَالَ إِنَّ

بستی بیشک اوسکے لوگ ہو رہے ہین گنہگار بولا اوس

فِيهَا لُوطًا قَالُوا نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَنْ فِيهَا لَنُنَجِّيَنَّهُ

مین لوط ہے وہ بولے ہمکو خوب معلوم ہے جو کوئی اوسمین ہے ہم بچالین گے اوسکو

وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِينَ ۝ وَلَمَّا أَنْ

اور اوسکے گھر والون کو مگر اوسکی عورت رہی رہجانے والون مین اور جب کہ

جَاءَتْ رُسُلُنَا لُوطًا سِيءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا

پہنچے ہمارے بھیجے لوط پاس ناخوش ہوا اونکو دیکھکر اور رکا ہوا دل سے

وَقَالُوا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ إِنَّا مُنَجُّوكَ وَأَهْلَكَ

اور وہ بولے نہ ڈر نہ غم کھا ہم بچا دینگے تجھکو اور تیرے گھر کو

إِلَّا امْرَأَتَكَ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِينَ ۝

مگر عورت تیری رہ گئی رہنے والون مین ف

إِنَّا مُنْزِلُونَ عَلٰى أَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ

ہمکو اوتارنی ہے اس بستی والون پر

رِجْزًا مِنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ وَلَقَدْ

ایک آفت آسمان سے اس پر کہ یہ بے حکم ہو رہے تھے اور

تَرَكْنَا مِنْهَا آيَةً بَيِّنَةً لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَ

چھوڑ رکھا ہمنے اوسکا نشان نظر آتا بوجھتے لوگون کو ع اور

إِلَىٰ مَدْيَنَ أَخَاهُمْ شُعَيْبًا فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا

بھیجا مدین پاس انکا بھائی شعیب پھر بولا اے قوم بندگی کرو

اللَّهَ وَارْجُوا الْيَوْمَ الْآخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ

اللہ کی اور توقع رکھو پچھلے دن کی اور مت پھرو زمین مین

مُفْسِدِينَ ۝ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَأَصْبَحُوا

خرابی مچاتے ف پھر اوسکو جھٹلایا تو پکڑا اونکو بھونچال نے پھر صبح کو رہ گئے

فِي دَارِهِمْ جَاثِمِينَ ۝ وَعَادًا وَثَمُودَا وَقَد تَّبَيَّنَ لَكُم

اپنے گھر مین اوندھے پڑے اور عاد اور ثمود کو اور تم پر کھل چکا ہے

مِّن مَّسَاكِنِهِمْ ۖ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطَانُ أَعْمَالَهُمْ

اون کے گھرون سے اور رجھایا اونکو شیطان نے اونکے کامون پر

فَصَدَّهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَكَانُوا مُسْتَبْصِرِينَ ۝ وَقَارُونَ

روکدیا اونکو راہ سے اور تھے ہوشیار ع اور قارون

وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ ۖ وَلَقَدْ جَاءَهُم مُّوسَىٰ بِالْبَيِّنَاتِ


اور فرعون اور ہامان کو اور اون پاس پہونچا موسی کھلے نشان لیکر

فَاسْتَكْبَرُوا فِي الْأَرْضِ وَمَا كَانُوا سَابِقِينَ ۝ فَكُلًّا

پھر بڑائی کرنے لگے ملک مین اور نہ تھے آگے نکلجانے والے پھر سب کو

أَخَذْنَا بِذَنبِهِ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا

پکڑا ہمنے اپنے اپنے گناہ پر پھر کوئی تھا کہ بھیجا اوس پر پتھراؤ ہوا سے





وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا

اور کوئی تھا کہ اوسکو پکڑا چنگھاڑ نے اور کوئی تھا کہ اوسکو دھنسا یا ہمنے

بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ

زمین مین اور کوئی تھا کہ اوسکو ڈوبا دیا اور اللہ ایسا نہ تھا

لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

کہ اونپر ظلم کرے پر تھے وہ اپنا آپ برا کرتے

مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ

کہاوت اونکی جنھون نے پکڑے اللہ کو چھوڑکر اور حمایتی کہاوت

الْعَنْكَبُوْتِ ۚ اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۚ وَاِنَّ اَوْهَنَ الْبُيُوْتِ

مکڑی کی بنالیا اوس نے ایک گھر اور سب گھرون مین بودا

لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

سو مکڑی کا گھر اگر اون کو سمجھ ہوتی

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ۚ وَ

اللہ جانتا ہے جسکو پکارتے ہین اوسکے سواے کوئی چیز ہو اور

هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ

وہ ہے زبردست حکمتون والا اور یہ کہاوتین بٹھاتے ہین ہم لوگون کے واسطے


وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ۝ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ

اور اونکو بوجھتے وہی ہین جنکو سمجھ ہے اللہ نے بنائے آسمان

وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝

و زمین جیسے چاہئین اس مین پتا ہے یقین لانے والون کو

وقف لازم



اُتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ

تو پڑھ جو اوتری تیری طرف کتاب اور کھڑی رکھ نماز بیشک نماز

تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ؕ وَاللّٰهُ

روکتی ہے بیحیائی سے اور بری بات سے اور اللہ کی یاد ہے سب سے بڑی اور اللہ

یَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ۞ وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِیْ

کو خبر ہے جو کرتے ہو ف۱ اور جھگڑا نکرو کتاب والون سے مگر اوس طرح پر

هِیَ اَحْسَنُ ۖۗ اِلَّا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِیْٓ

جو بہتر ہو مگر جو اونمین بے انصاف ہین اور یون کہو کہ ہم مانتے ہین جو

اُنْزِلَ اِلَیْنَا وَاُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ

اوترا ہمکو اور اوترا تمکو اور بندگی ہماری اور تمہاری ایک کو ہے

وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۞ وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْكَ الْكِتٰبَ ؕ

اور ہم اوسی کے حکم پر ہین ف۲ اور ویسی ہی ہمنے اوتاری تجھپر کتاب

فَالَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَآءِ

سو جنکو ہمنے کتاب دی ہے وہ اوسکو مانتے ہین اور ان لوگون مین بھی

مَنْ یُّؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَمَا یَجْحَدُ بِاٰیٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ۞ وَ


بعضے ہین کہ اسکو مانتے ہین اور منکر وہی ہین ہماری باتون سے جو بے حکم ہین ف۳ اور

مَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِیَمِیْنِكَ اِذًا

تو پڑھتا نہ تھا اس سے پہلے کوئی کتاب اور نہ لکھتا تھا اپنے داہنے ہاتھ سے تو البتہ

لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۞ بَلْ هُوَ اٰیٰتٌۢ بَیِّنٰتٌ فِیْ صُدُوْرِ الَّذِیْنَ

شبہہ کرتے یہ جھوٹے ف۴ بلکہ یہ قرآن آیتین ہین صاف سینے مین اونکے جنکو



أُوتُوا الْعِلْمَ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا الظَّالِمُونَ ۝ وَقَالُوا

ملی ہے سمجھ اور نہین منکر ہماری باتون سے مگر وہی جو بے انصاف ہین ف اور کہتے ہین

لَوْلَا أُنزِلَ عَلَيْهِ آيَاتٌ مِّن رَّبِّهِ ۖ قُلْ إِنَّمَا الْآيَاتُ عِندَ

کیون نہ اوتری اسپر کچھ نشانیان اوسکے رب سے تو کہہ نشانیان تو ہین اختیار مین

اللَّهِ وَإِنَّمَا أَنَا نَذِيرٌ مُّبِينٌ ۝ أَوَلَمْ يَكْفِهِمْ أَنَّا أَنزَلْنَا

اللہ کے اور مین تو یہی سنا دینے والا ہون کھول کر کیا اونکو بس نہین کہ ہمنے تجھپر اوتاری

عَلَيْكَ الْكِتَابَ يُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَرَحْمَةً وَ

کتاب کہ اونپر پڑھی جاتی ہے بیشک اس مین مہر ہے اور

ذِكْرَىٰ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

سمجھانا اون لوگون کو جو مانتے ہین تو کہہ بس ہے اللہ میرے تمہارے بیچ

شَهِيدًا ۖ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَالَّذِينَ آمَنُوا

گواہ جانتا ہے جو کچھ ہے آسمان اور زمین مین اور جو لوگ یقین لائے ہین

بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝ وَيَسْتَعْجِلُونَكَ

جھوٹھ اور منکر ہوئے ہین اللہ سے اون کا برا ہونا ہے ع۲ و اور شتاب مانگتے ہین تجھ سے

بِالْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءَهُمُ الْعَذَابُ وَلَيَأْتِيَنَّهُم

آفت اور اگر نہوتا ایک وعدہ ٹھہرا ہوا تو آپہونچتی انپر آفت اور آویگی انپر

بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ يَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ وَ

اچانک اور انکو خبر نہوگی و۳ شتاب مانگتے ہین تجھ سے عذاب اور

إِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيطَةٌ بِالْكَافِرِينَ ۝ يَوْمَ يَغْشَاهُمُ الْعَذَابُ

دوزخ گھیر رہی ہے منکرون کو ف جسدن گھیریگا اونکو عذاب



مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِمْ وَيَقُولُ ذُوقُوا مَا كُنتُمْ

اوپر سے اور پانؤن کے نیچے سے اور کہے گا چکھو جیسا کچھ

تَعْمَلُونَ ○ يَا عِبَادِيَ الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّ أَرْضِي وَاسِعَةٌ

کرتے تھے ف۱ اے بندو میرے جو یقین لائے ہو میری زمین کشادہ ہے

فَإِيَّايَ فَاعْبُدُونِ ○ كُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْتِ ثُمَّ

سو مجھی کو بندگی کرو جو جی ہے سو چکھے گا موت پھر

إِلَيْنَا تُرْجَعُونَ ○ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

ہماری طرف پھرے آؤگے ف۲ اور جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام

لَنُبَوِّئَنَّهُم مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا تَجْرِي مِن تَحْتِهَا

اون کو ہم جگہہ دینگے بہشت مین جھروکے نیچے بہتی

الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ نِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ○ الَّذِينَ

نہرین سدا رہین اون مین خوب نیگ ملا کام والون کو جو

صَبَرُوا وَعَلَىٰ رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ○ وَكَأَيِّن مِّن دَابَّةٍ

ٹھہرے رہے اور اپنے رب پر بھروسا رکہا ف۳ اور کتنے جانور ہین

لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللَّهُ يَرْزُقُهَا وَإِيَّاكُمْ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ

جو اوٹھا نہین رکھتے اپنی روزی اللہ روزی دیتا ہے اونکو اور تمکو اور وہی ہے سنتا

الْعَلِيمُ ○ وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَ

جانتا ف۴ اور جو تو لوگون سے پوچھے کس نے بنائے آسمان زمین اور

سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ ۖ فَأَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ○

کام لگائے سورج چاند تو کہین اللہ نے پھر کہان سے اولٹے جاتے ہین ف۵

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ اِنَّ

اللہ پھیلاتا ہے روزی جسکے واسطے چاہے اپنے بندون مین اور ناپ کر دیتا ہے جسکو چاہے

اللّٰهَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً

اللہ ہر چیز سے خبردار ہے ف ۱ اور جو تو پوچھے اون سے کس نے اوتارا آسمان سے پانی

فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ

پھر جلا دیا اوس سے زمین کو اوسکے مرے پیچھے تو کہین اللہ نے تو کہہ سب خوبی اللہ کو ہی پر

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ؕ

بہت لوگ نہین بوجھتے ف ۲ اور یہ دنیا کا جینا تو یہی ہے جی بہلانا اور کھیلنا

وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِىَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ فَاِذَا

اور پچھلا گھر جو ہے سو یہی ہے جینا اگر ان کو سمجھ رکھتے پھر جب

رَكِبُوْا فِى الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰهُمْ

سوار ہوے کشتی مین پکارنے لگے اللہ کو نرے اوسی پر رکھکر نیت پھر جب بچا لایا

اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ۝ لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۙ وَلِيَتَمَتَّعُوْا

اونکو زمین کی طرف اوسی وقت لگے شریک پکڑنے کہ مکرتے رہین ہمارے دیے سے اور برتتے رہین

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّيُتَخَطَّفُ

اب آگے جان لین گے کیا نہین دیکھتے کہ ہمنے رکھدی ہے پناہ کی جگہ امن کی اور لوگ

النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَةِ

اوچکے جاتے ہین اونکے آس پاس سے کیا جھوٹھ پر یقین رکھتے ہین اور اللہ کا

اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ

احسان نہین مانتے ف ۳ اور اوس سے بے انصاف کون جو باندھے اللہ پر جھوٹھ یا

ف ۱ ناپ کر دیتا یعنی نہین کر دیتا ۱۲ منہ رح

ف ۲ یعنی جیتے جی برابر نہین رہتا ایسا ہی اسی طرح حال بدلتے دیر نہین لگتی مفلس سے دولتمند کر دے ۱۲ منہ رح

ع ۱۲

وقف لازم

ف ۳ ... مین ... کا احسان نہین ... ۱۲ منہ رح

كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُ ۚ أَلَيْسَ فِي جَهَنَّمَ مَثْوًى لِلْكَافِرِينَ ۝

جھٹلاوے سچی بات کو جب اوس تک پونچے کیا دوزخ مین بسنے کی جگہ نہین منکرون کی

وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ ۝

اور جنہون نے محنت کی ہمارے واسطے ہم سوجھا دینگے اونکو اپنی راہین اور بیشک اللہ ساتھ ہے نیکی والونکے ف

## سورة الروم مكية وهي ستون آية

### بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الم ۝ غُلِبَتِ الرُّومُ ۝ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ

دب گئے ہین روم لگتے ملک مین اور وہ اس دبنے پیچھے

غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ ۝ فِي بِضْعِ سِنِينَ ۗ لِلَّهِ الْأَمْرُ مِنْ

اب غالب ہونگے کئی برس مین ف۲ اللہ کے ہاتھہ ہین کام

قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ ۚ وَيَوْمَئِذٍ يَفْرَحُ الْمُؤْمِنُونَ ۝

پہلے اور پچھلے اور اوس دن خوش ہونگے مسلمان

بِنَصْرِ اللَّهِ ۚ يَنْصُرُ مَنْ يَشَاءُ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝


اللہ کی مدد سے مدد کرے جسکی چاہے اور وہی ہے زبردست رحم والا ف۳

وَعْدَ اللَّهِ ۖ لَا يُخْلِفُ اللَّهُ وَعْدَهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

اللہ کا وعدہ ہوا خلاف نہ کرے گا اللہ اپنا وعدہ لیکن بہت لوگ

لَا يَعْلَمُونَ ۝ يَعْلَمُونَ ظَاهِرًا مِنَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

نہین جانتے ف۴ جانتے ہین اوپر اوپر دنیا کا جینا



وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ

اور وہ لوگ . آخرت سے خبر نہیں رکھتے ۷ کیا دھیان نہیں کرتے اپنے جی میں

مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ

اللہ نے بنائے آسمان و زمین اور جو انکے بیچ ہے سو ٹھیک سادھ کر

وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ

اور ٹھیرے وعدہ پر اور بہت لوگ اپنے رب کا ملنا

لَكٰفِرُوْنَ ۝ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ

نہیں مانتے ۸ کیا پھرے نہیں ملک میں جو دیکھیں آخر کیسا

كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ

ہوا انجام ان سے اگلوں کا ان سے زیادہ تھے

قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ

زور میں اور زمین اوکھائی اور بسائی ان کے بسانے سے زیادہ اور پہنچے اون پاس

رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

رسول اونکے لیکر کھلے حکم اور اللہ نہ تھا اونپر ظلم کرنے والا لیکن وہ اپنا آپ

يَظْلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا السُّوْۗاٰي اَنْ كَذَّبُوْا

برا کرتے تھے ۹ پھر ہوا آخر برا کرنے والوں کا برا اسپر کہ جھٹلائیں

بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

باتیں اللہ کی اور اونپر ٹھٹھے کرتے تھے ۱۰ اللہ بناتا ہے پہلی بار پھر

يُعِيْدُهٗ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ

اوسکو دوہراویگا پھر اوسکی طرف پھر جاؤ گے اور جس دن اوٹھے گی قیامت آس توڑ رہجاوینگے گنہگار

وَلَمْ يَكُن لَّهُم مِّن شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا وَكَانُوا بِشُرَكَآئِهِمْ

اور نہونگے انکے شریکون مین کوئی انکی سفارش والے اور یہ ہو جاوینگے اپنے شریکون سے

كٰفِرِينَ ۝ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَتَفَرَّقُونَ

منکر ۱ اور جسدن اوٹھیگی قیامت اوس دن لوگ بہانت بہانت ہو نگے

فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِي رَوْضَةٍ

سو جو یقین لائے اور کئے بھلے کام سو باغ مین ہین اونکی آوبھگت

يُحْبَرُونَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيٰتِنَا وَلِقَآئِ

ہوتی ہے اور جو منکر ہوے اور جھٹلائین ہماری باتین اور ملنا

الْآخِرَةِ فَأُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُونَ ۝ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ

پچھلے گھر کا سو وے عذاب مین پکڑے آئے ہین سو پاک اللہ کی یاد ہے

حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ

جب شام کرو اور صبح کرو اور اوسی کی خوبی ہے آسمان

وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ ۝ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ

زمین مین اور پچھلے وقت اور جب دو پہر ہو ۲ نکالتا ہے جیتا مردہ سے

وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ وَكَذٰلِكَ

اور نکالتا ہے مردہ جیتے سے اور جلاتا ہے زمین کو اوسکے مرے پیچھے اور اسی طرح


تُخْرَجُونَ ۝ وَمِنْ آيٰتِهِ أَنْ خَلَقَكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ إِذَا أَنتُم بَشَرٌ

تم نکالے جاؤگے ۳ اور اوسکی نشانیون سے یہ کہ تمکو بنایا مٹی سے پھر اب تم انسان ہو

تَنتَشِرُونَ ۝ وَمِنْ آيٰتِهِ أَنْ خَلَقَ لَكُم مِّنْ أَنفُسِكُمْ أَزْوَاجًا

پھیل پڑے اور اوسکی نشانیون سے یہ کہ بنا دئے تمکو تمہاری قسم سے جوڑے

ع ۲



لِتَسْكُنُوا إِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَوَدَّةً وَرَحْمَةً ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ

کہ چین پکڑو اونکے پاس اور رکھا تمہارے بیچ پیار اور مہر اس مین

لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَ

بہت پتے ہین اونکو جو دہیان کرتے ہین ف اور اوسکی نشانیون سے ہے آسمان

الْأَرْضِ وَاخْتِلَافُ أَلْسِنَتِكُمْ وَأَلْوَانِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ

زمین کا بنانا اور بہانت بہانت بولیان تمہاری اور رنگ اس مین بہت پتے ہین

لِلْعَالِمِينَ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ مَنَامُكُمْ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَابْتِغَاؤُكُمْ

بوجہنے والون کو ف اور اوسکی نشانیون سے ہے تمہارا سونا رات مین اور دن مین اور تلاش کرنی

مِنْ فَضْلِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَسْمَعُونَ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ

اوسکے فضل کی اس مین بہت پتے ہین اونکو جو سنتے ہین ف اور اوسکی نشانیون سے

يُرِيكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَطَمَعًا وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيُحْيِي بِهِ

یہ کہ دکہاتا ہے تمکو بجلی ڈر اور امید اور اوتارتا ہے آسمان سے پانی پہر جلاتا ہے اوس سے

الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَ

زمین کو مرگئے پیچہے اس مین بہت پتے ہین اونکو جو بوجہتے ہین اور

مِنْ آيَاتِهِ أَنْ تَقُومَ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ بِأَمْرِهِ ۚ ثُمَّ إِذَا

اوسکی نشانیون سے ہے یہ کہ کہڑا ہے آسمان زمین اوسکے حکم سے پہر جب

دَعَاكُمْ دَعْوَةً ۖ مِنَ الْأَرْضِ إِذَا أَنْتُمْ تَخْرُجُونَ ۝ وَ

بلاوے تمکو ایک بار زمین مین سے تب ہی تم نکل پڑوگے ف اور

لَهُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ كُلٌّ لَهُ قَانِتُونَ ۝

اوسی کے ہین جو کوئی ہین آسمان اور زمین مین سب اوسکے حکم کے تابع ہین

وَهُوَ الَّذِي يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ وَهُوَ أَهْوَنُ عَلَيْهِ ۚ وَلَهُ

اور وہی ہے جو پہلی بار بناتا ہے پھر اوسکو دوہراویگا اور وہ آسان ہے اوسپر اور اوسکی

الْمَثَلُ الْأَعْلَىٰ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

کہاوت سب سے اوپر آسمان زمین مین اور وہ ہے زبردست حکمتون والا ف

ضَرَبَ لَكُم مَّثَلًا مِّنْ أَنفُسِكُمْ ۖ هَل لَّكُم مِّن مَّا مَلَكَتْ

بتائی تمکو ایک کہاوت تمہارے اندر سے تمہارے جو ہاتھ کے مال ہین

أَيْمَانُكُم مِّن شُرَكَاءَ فِي مَا رَزَقْنَاكُمْ فَأَنتُمْ فِيهِ سَوَاءٌ تَخَافُونَهُمْ

اون مین ہین کوئی ساجھی تمہارے ہماری دی روزی مین کہ تم سب اوسمین برابر ہو خطرہ رکھو اونکا

كَخِيفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ

جیسے خطرہ رکھو اپنون کا یون کھولتے ہین ہم پتے اون لوگون کو

يَعْقِلُونَ ۝ بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا أَهْوَاءَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ

جو بوجھتے ہین ف ٢ بلکہ چلے ہین یہ بے انصاف اپنے چاؤ پر بن سمجھے

فَمَن يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَا لَهُم مِّن

سو کون سوجھاوے جسکو اللہ نے بہکایا اور کوئی نہین اونکے

نَّاصِرِينَ ۝ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطْرَتَ


مددگار سو تو سیدھا رکھہ اپنا منہ دین پر ایک طرف کا ہوکر وہی تراش

اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ

اللہ کی ہے جسپر تراشا لوگون کو بدلنا نہین اللہ کے بنائے

اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ

کو یہی ہے دین سیدھا لیکن بہت لوگ





لَا یَعۡلَمُوۡنَ ۙ مُنِیۡبِیۡنَ اِلَیۡهِ وَاتَّقُوۡهُ وَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوةَ وَ

نہین سمجھتے ف۱ سب رجوع ہو کر اوسکی طرف اور اوس سے ڈرتے رہو اور کھڑی رکھو نماز اور

لَا تَکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ ۙ مِنَ الَّذِیۡنَ فَرَّقُوۡا دِیۡنَهُمۡ وَ

مت ہو شریک والون مین ف۲ جنہون نے پھوٹ ڈالی اپنے دین مین اور

کَانُوۡا شِیَعًا ؕ کُلُّ حِزۡبٍۭ بِمَا لَدَیۡهِمۡ فَرِحُوۡنَ ۝ وَاِذَا مَسَّ

ہو گئے اونمین بہت جتھے ہر فرقہ جو اپنے پاس ہے اوسپر ریجھ رہے ہین اور جب لگے

النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوۡا رَبَّهُمۡ مُّنِیۡبِیۡنَ اِلَیۡهِ ثُمَّ اِذَاۤ اَذَاقَهُمۡ

لوگون کو کچھہ سختی پکارین اپنے رب کو اوسکی طرف رجوع ہو کر پھر جہان چکھائی اونکو

مِّنۡهُ رَحۡمَةً اِذَا فَرِیۡقٌ مِّنۡهُمۡ بِرَبِّهِمۡ یُشۡرِکُوۡنَ ۙ لِیَکۡفُرُوۡا

اپنی طرف سے کچھہ مہر تب ہی ایک لوگ اون مین اپنے رب کا شریک لگے بتانے ف۳ کہ منکر ہو جاوین

بِمَاۤ اٰتَیۡنٰهُمۡ ؕ فَتَمَتَّعُوۡا ٝ فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ۝ اَمۡ اَنۡزَلۡنَا

ہمارے دیے سے سو کام چلالو اب آگے جان لوگے کیا ہمنے اون پر اوتاری ہے

عَلَیۡهِمۡ سُلۡطٰنًا فَهُوَ یَتَکَلَّمُ بِمَا کَانُوۡا بِهٖ یُشۡرِکُوۡنَ ۝

کوئی سند سو وہ بولتی ہے جو یہ شریک بتاتے ہین

وَاِذَاۤ اَذَقۡنَا النَّاسَ رَحۡمَةً فَرِحُوۡا بِهَا ؕ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ

اور جب چکھاوین ہم لوگون کو کچھہ مہر اوسپر ریجھنے لگین اور اگر آپڑے اونپر

سَیِّئَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَیۡدِیۡهِمۡ اِذَا هُمۡ یَقۡنَطُوۡنَ ۝

کچھہ برائی اپنے ہاتھون کے پیچھے پر تب ہی آس توڑ دیوین

اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰهَ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیَقۡدِرُ ؕ

کیا نہین دیکھہ چکے کہ اللہ پھیلاتا ہے روزی جسپر چاہے اور ناپ کر دیتا ہے

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ۝ فَآتِ ذَا الْقُرْبَىٰ

اس مین پتے ہین اون لوگون کو جو یقین رکھتے ہین ف سو تو دے ناتے والے کو

حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ ذَٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ

اوسکا حق اور محتاج کو اور مسافر کو یہ بہتر ہے اونکو جو

يُرِيدُونَ وَجْهَ اللَّهِ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَا

چاہتے ہین اللہ کا مُنہ اور وہی ہین جنکا بھلا ہے اور جو

آتَيْتُم مِّن رِّبًا لِّيَرْبُوَ فِي أَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُو

دیتے ہو بیاج پر کہ بڑھتا رہے لوگون کے مال مین وہ نہین بڑھتا

عِندَ اللَّهِ وَمَا آتَيْتُم مِّن زَكَاةٍ تُرِيدُونَ وَجْهَ

اللہ کے ہان اور جو دیتے ہو پاک دل سے چاہ کر مُنہ

اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُونَ ۝ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ

اللہ کا سو وہی ہین جنکے دونے ہوئے اللہ وہی ہے جس نے تمکو بنایا

ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ هَلْ مِن شُرَكَائِكُم

پھر تمکو روزی دی پھر تمکو مارتا ہے پھر تمکو جلاویگا کوئی ہے تمہارے شریکون مین

مَّن يَفْعَلُ مِن ذَٰلِكُم مِّن شَيْءٍ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا

جو کرسکے ان کامون مین ایک وہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اس سے جو

يُشْرِكُونَ ۝ ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ

شریک بتاتے ہین کھل پڑی ہے خرابی جنگل مین اور دریا مین لوگون کے

أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ

ہاتھ کی کمائی سے چکھایا چاہیے انکو کچھ مزہ انکے کام کا کہ شاید وہ پھر آوین ف

ع ۱۴

قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ

تو کہہ پھرو ملک مین تو دیکھو آخر کیسا ہوا

مِن قَبْلُ كَانَ أَكْثَرُهُم مُّشْرِكِينَ ۝ فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ

پہلون کا بہت اون مین تھے شریک والے سو تو سیدھا کر اپنا منہ سیدھی

الْقَيِّمِ مِن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ يَوْمَئِذٍ

راہ پر اس سے پہلے کہ آپہونچے ایک دن جسکو پھرنا نہین اللہ کی طرف سے اوسدن

يَصَّدَّعُونَ ۝ مَن كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهُ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِأَنفُسِهِمْ

لوگ جدا جدا ہونگے ف جو منکر ہوا سو اوسپر پڑے اوسکا منکر ہونا اور جو کرے بھلے کام سو اپنے

يَمْهَدُونَ ۝ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

راہ سنوارتے ہین کہ وہ بدلا دے اونکو جو یقین لائے اور بھلے کام کئے

مِن فَضْلِهِ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ أَن

اپنے فضل سے بیشک اوسکو نہین بہاتے انکار والے اور اوسکی نشانیون مین ایک یہ کہ

يُرْسِلَ الرِّيَاحَ مُبَشِّرَاتٍ وَلِيُذِيقَكُم مِّن رَّحْمَتِهِ وَلِتَجْرِيَ

چلاتا ہے ہوائین خوشخبری لانے والی اور تا چکھادے تمکو کچھ مزہ اپنی مہر کا اور تا چلین

الْفُلْكُ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝

جہاز اوسکے حکم سے اور تلاش کرو اوسکے فضل سے اور شاید تم حق مانو ٣٩

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلًا إِلَىٰ قَوْمِهِمْ

اور ہم بھیج چکے ہین تجھ سے پہلے کتنے رسول اپنی اپنی قوم پاس

فَجَاءُوهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَانتَقَمْنَا مِنَ الَّذِينَ أَجْرَمُوا ط

پھر آئے اونکے پاس لیکر نشانیان پھر بدلا لیا ہمنے اون سے جو گنہگار تھے

وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ۝ اللَّهُ الَّذِي يُرْسِلُ

اور حق ہے ہمپر مدد ایمان والونکی ف١ اللہ ہے جو چلاتا ہے

الرِّيٰحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهُ فِي السَّمَاءِ كَيْفَ يَشَاءُ وَ

ہوائین پھر اوبھارتیان ہین بدلی پھر پھیلاتا ہے اوسکو آسمان مین جسطرح چاہے اور

يَجْعَلُهُ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهِ فَإِذَا أَصَابَ

رکہتا ہے اوسکو تہ برتہ پھر تو دیکھے مینہ نکلتا ہے اوسکے بیچ سے پھر جب اوسکو پہنچایا

بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ۝ وَإِنْ

جسکو چاہے اپنے بندون مین تبہی وہ لگے خوشیان کرنے ف٢ اور

كَانُوا مِنْ قَبْلِ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِنْ قَبْلِهِ لَمُبْلِسِينَ ۝

پہلے ہو رہے تہے اوسکے اوترنے سے پہلے ہی ناامید

فَانْظُرْ إِلَىٰ آثَارِ رَحْمَتِ اللَّهِ كَيْفَ يُحْيِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا

سو دیکھہ اللہ کی مہر کے نشان کیونکر جلاتا ہے زمین کو اوسکے مرے پیچھے

إِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَلَئِنْ

بیشک وہ ہے مرے جلانے والا اور وہ ہر چیز کر سکتا ہے اور اگر

أَرْسَلْنَا رِيحًا فَرَأَوْهُ مُصْفَرًّا لَظَلُّوا مِنْ بَعْدِهِ يَكْفُرُونَ ۝

ہم بہیجین ایک ہوا پھر دیکھین وہ کہیتی زرد پڑ گئی تو لگین اوس پیچھے ناشکری کرنے ف٣

فَإِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا

سو تو سنا نہین سکتا مردون کو اور نہین سنا سکتا بہرونکو پکارنا جب

وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ۝ وَمَا أَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ ضَلٰلَتِهِمْ

پھرین پیٹھہ دیکر اور نہ تو راہ سوجہاوے اندہون کو اونکی بھٹکنے سے

ع ۱۳ / ۵

إِنْ تُسْمِعُ إِلَّا مَنْ يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُمْ مُسْلِمُونَ ۝ اللَّهُ

تو تو سناوے اوسکو جو یقین مانے ہماری باتین سو وہ مسلمان ہوتے ہین اللہ ہے

الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ ضَعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ ضَعْفٍ

جسنے بنایا تمکو کمزوری سے پھر دیا کمزوری پیچھے

قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَشَيْبَةً يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ

زور پھر دیگا زور پیچھے کمزوری اور سفید بال بناتا ہے جو چاہے

وَهُوَ الْعَلِيمُ الْقَدِيرُ ۝ وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُونَ

اور وہ ہے سب جانتا کرسکتا اور جسدن اوٹھے گی قیامت قسمین کھاوینگے گنہگار

مَا لَبِثُوا غَيْرَ سَاعَةٍ كَذَلِكَ كَانُوا يُؤْفَكُونَ ۝ وَقَالَ الَّذِينَ

کہ ہم نہین رہے ایک گھڑی سے زیادہ اسی طرح تھے اور الٹے جاتے ف اور کہین گے جنکو

أُوتُوا الْعِلْمَ وَالْإِيمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِلَى يَوْمِ

ملی سمجھ اور یقین تمہارا ٹہراو تہا اللہ کے لکھے مین جی اوٹھنے کے

الْبَعْثِ فَهَذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلَكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ فَيَوْمَئِذٍ

دن تک سو یہ ہے جی اوٹھنے کا دن پر تم نہ تھے جانتے سو اوسدن

لَا يَنْفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ۝

کام نہ آوے گی ان گنہگارون کو تقصیر بخشوانی اور نہ ان سے کوئی منانا چاہے

وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَذَا الْقُرْآنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ وَ

اور ہمنے بٹھائی ہے آدمیون کو اس قرآن مین ہرطرح کی کہاوت اور

لَئِنْ جِئْتَهُمْ بِآيَةٍ لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا إِنْ أَنْتُمْ إِلَّا

جو تو لاوے اون پاس کوئی آیت تو مقرر کہین وہ منکر تم سب

ف یعنی قبر کا رہنا تھوڑا معلوم ہوگا اور

مبطلون ﴿٥٨﴾ كذلك يطبع الله على قلوب الذين لا يعلمون ﴿٥٩﴾

جھوٹھ بناتے ہو یوں مہر کرتا ہے اللہ اونکے دلوں پر جو سمجھ نہیں رکھتے

فاصبر ان وعد الله حق ولا يستخفنك الذين لا يوقنون ﴿٦٠﴾

سو تو ٹھیرا رہ بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے اور اوچھال نہ دین تجھکو جو یقین نہیں لاتے

ع ۷

## سورة لقمن مكية وهي اربع وثلثون اية

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الم ﴿١﴾ تلك ايت الكتب الحكيم ﴿٢﴾ هدى ورحمة للمحسنين ﴿٣﴾

یہ باتیں ہیں پکی کتاب کی سوجھ ہے اور مہر نیکی والوں کو

الذين يقيمون الصلوة ويؤتون الزكوة وهم بالاخرة

جو کھڑی رکھتے ہیں نماز اور دیتے ہیں زکوۃ اور وہ ہیں جو آخرت کو

هم يوقنون ﴿٤﴾ اولئك على هدى من ربهم واولئك هم

وہ یقین کرتے ہیں یہ ہیں سوجھ پر اپنے رب کی طرف سے اور وہ ہیں

المفلحون ﴿٥﴾ ومن الناس من يشتري لهو الحديث ليضل

جنکا بھلا ہے اور ایک لوگ ہیں کہ خریدار ہیں کھیل کی باتوں کے تا بچلا دین

عن سبيل الله بغير علم ويتخذها هزوا اولئك لهم

اللہ کی راہ سے بن سمجھے اور ٹھیراوین اوسکو ہنسی وہ جو ہیں اونکو

عذاب مهين ﴿٦﴾ واذا تتلى عليه ايتنا ولى مستكبرا

ذلت کی مار ہے ف اور جب سنائے اوسکو ہماری باتیں پیٹھ دے جاوے غرور سے

كَأَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِيٓ أُذُنَيْهِ وَقْرًا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ

گویا اونکو سنا ہی نہین گویا اوسکے دو کان بہرے ہین سو خوشخبری دے اوسکو دکھ والی

أَلِيمٍ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّٰلِحَٰتِ لَهُمْ جَنَّٰتُ

مار کی جو لوگ یقین لائے اور کئے بھلے کام او نکو ہین نعمت

النَّعِيمِ ۝ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

کے باغ رہا کرین اون مین وعدہ ہو چکا اللہ کا سچا اور وہ زبردست ہے حکمتون والا

خَلَقَ السَّمَٰوَٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ۖ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ رَوَٰسِيَ

بنائے آسمان بے ٹیکی دیکھتے ہو اور ڈالے زمین پر بوجھ

أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۚ وَأَنْزَلْنَا مِنَ

کہ تمکو لیکر جھک نہ پڑے اور بکیرے اوسمین سب طرح کے جانور اور اوتارا ہمنے

السَّمَآءِ مَآءً فَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيمٍ ۝ هَٰذَا خَلْقُ

آسمان سے پانی پھر اوگائے زمین مین ہر قسم کے جوڑے خاصے یہ کچھ بنایا ہے

اللَّهِ فَأَرُونِي مَاذَا خَلَقَ الَّذِينَ مِنْ دُونِهِ ۚ بَلِ الظَّٰلِمُونَ

اللہ کا اب دکھاؤ مجھکو کیا بنایا ہے اوروں نے جو اوسکے سوا ہین کوئی نہین پر بے انصاف

فِي ضَلَٰلٍ مُبِينٍ ۝ وَلَقَدْ آتَيْنَا لُقْمَٰنَ الْحِكْمَةَ أَنِ اشْكُرْ

صریح بھٹکنے مین اور ہمنے دی ہے لقمان کو عقلمندی کہ حق مان

لِلَّهِ ۚ وَمَنْ يَشْكُرْ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ

اللہ کا اور جو کوئی حق مانے گا تو مانے گا اپنے بھلے کو اور جو کوئی منکر ہوگا تو

اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ ۝ وَإِذْ قَالَ لُقْمَٰنُ لِابْنِهِ وَهُوَ يَعِظُهُ

اللہ بے پرواہ ہے سب خوبیون سراہا اور جب کہا لقمان نے اپنے بیٹے کو جب اوسکو سمجھانے لگا

ع ١١

يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ۝ وَوَصَّيْنَا

اے بیٹے شریک نہ ٹھہرائیو اللہ کا بیشک شریک بنانا بے انصافی بڑی ہے اور ہمنے تقید کیا

الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰي وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ

انسان کو اوسکے ماں باپ کیواسطے پیٹ مین رکھا اوسکو اوسکی ماں نے تھک تھک کر اور دودھ چھوڑنا ہے

فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِنْ

اوسکا دو برس مین کہ حق مان میرا اور اپنے ماں باپ کا آخر مجھ ہی تک آنا ہے اور اگر

جَاهَدٰكَ عَلٰٓي اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ

وہ دونون تجھسے اڑین اسپر کہ شریک مان میرا جو تجھکو معلوم نہین تو اونکا کہا

فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۡ وَّاتَّبِعْ

نہ مان اور ساتھ دے اونکا دنیا مین دستور سے اور راہ چل

سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا

اوسکی جو رجوع ہوا میری طرف پھر میری طرف ہے تمکو پھر آنا پھر مین جتا دونگا تمکو جو کچھ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ

تم کرتے تھے ۝ اے بیٹے اگر کوئی چیز ہو وے برابر رائی کے دانہ کے

فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا

پھر رہی ہو کسی پتھر مین یا آسمانون مین یا زمین مین لا حاضر کرے اوسکو

اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ

اللہ بیشک اللہ چھپی جانتا ہے خبردار اے بیٹے کھڑی رکھ نماز

وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ

اور سکھلا بھلی بات اور منع کر برائی سے اور سہار جو تجھ پر پڑے

وقف النبی صلعم

نصف

أَصَابَكَ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ

تجھپر پڑے بیشک یہ ہین ہمت کے کام ف اور اپنے گال نہ پھلا

لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ

لوگون کیطرف اور مت چل زمین پر اتراتا بیشک الله کو نہین بھاتا کوئی

مُخْتَالٍ فَخُورٍ ۝ وَاقْصِدْ فِي مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ

اتراتا بڑائیان کرتا ف اور چل بیچ کی چال اور نیچا کر اپنی آواز

إِنَّ أَنْكَرَ الْأَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيرِ ۝ أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ

بیشک بری سے بری آواز گدہون کی آواز ہے کیا تمنے نہین دیکھا کہ الله نے کام لگائے

لَكُمْ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ

تمہارے جو کچھ ہین آسمان و زمین مین اور بہردین تمکو اپنی نعمتین

ظَاهِرَةً وَبَاطِنَةً ۗ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللَّهِ

کھلی اور چھپی اور ایک آدمی وہ ہین جو جھگڑتے ہین الله کی بات مین

بِغَيْرِ عِلْمٍ وَلَا هُدًى وَلَا كِتَابٍ مُنِيرٍ ۝ وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ

نہ سمجھ رکھین نہ سوجھ نہ کتاب چمکتی اور جب اونکو کہئے

اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ

چلو اوس حکم پر جو اوتارا الله نے کہین نہین ہمتو چلینگے اوسپر جسپر پایا ہمنے

آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطَانُ يَدْعُوهُمْ إِلَىٰ عَذَابِ

اپنے باپ دادونکو بھلا اور جو شیطان بلاتا ہوا اونکو دوزخ کی

السَّعِيرِ ۝ وَمَنْ يُسْلِمْ وَجْهَهُ إِلَى اللَّهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ

مار کو تو بھی اور جو کوئی تابع کرے اپنا موہنہ الله کیطرف اور وہ ہو نیکی پر



فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ وَإِلَى اللَّهِ عَاقِبَةُ

سو اوسنے پکڑ لیا محکم کڑا اور اللہ کی طرف ہی آخر

الْأُمُورِ ۝ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنكَ كُفْرُهُ إِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

ہر کام کا اور جو کوئی منکر ہوا تو تو غم نکہا اوسکے انکار سے ہماری طرف پھر آنا ہی اونکو

فَنُنَبِّئُهُم بِمَا عَمِلُوا إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ نُمَتِّعُهُمْ

پھر ہم جتا دینگے اونکو جو اونہوں نے کیا ہی مقرر اللہ جانتا ہی جو بات ہی جیون مین کام چلا دینگے ہم انکو

قَلِيلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ إِلَىٰ عَذَابٍ غَلِيظٍ ۝ وَلَئِن سَأَلْتَهُم

تھوڑے دنون پھر پکڑ بلا وینگے انکو گاڑھی مار مین اور جو تو پوچھے اون سے

مَّنْ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللَّهُ قُلِ الْحَمْدُ

کسنے بنائے آسمان و زمین تو کہین اللہ نے تو کہہ سب خوبی

لِلَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

اللہ کو ہی پر وہ بہت لوگ سمجھ نہین رکھتے اللہ کا ہی جو کچھ ہی آسمان و زمین مین

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيدُ ۝ وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِن

بیشک اللہ ہی ہی بے پروا سب خوبیون سراہا اور اگر جتنے درخت ہین زمین مین

شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا

قلم ہون اور سمندر ہو اوسکی سیاہی اوسکے پیچھے سات سمندر نہ

نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ مَّا خَلْقُكُمْ

نبڑین باتین اللہ کی بیشک اللہ زبردست ہی حکمتون والا تم سب کا بنانا

وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ

اور مرے پر جلانا وہی جیسا ایک جی کا بیشک اللہ سنتا ہی دیکھتا

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ

تونے نہیں دیکھا کہ اللہ پیٹھاتا ہے رات کو دن میں اور پیٹھاتا ہے دن کو رات میں

وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى وَأَنَّ

اور کام لگائے ہیں سورج اور چاند ہر ایک چلتا ہے ایک ٹھہرے ہوئے وعدے تک اور یہ کہ

اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا

اللہ خبر رکھتا ہے جو کرتے ہو یہ اس پر کہ اللہ وہی ٹھیک ہے اور جو

يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللَّهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ۝

پکارتے ہیں اوسکے سوائے سو ہی جو جھوٹھ ہے اور اللہ وہی ہے سب سے اوپر بڑا

أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللَّهِ لِيُرِيَكُمْ

تونے نہ دیکھا کہ جہاز چلتے ہیں سمندر میں اللہ کی نعمت لیکر کہ دکھاوے تمکو کچھ

مِنْ آيَاتِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ وَإِذَا

اپنی قدرتیں البتہ اسمیں پتے ہیں ہر ٹھہرنے والے حق بوجھنے والے کو اور جب

غَشِيَهُمْ مَوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ

سر پر آوے اونکی لہر جیسے بدلیاں پکارین اللہ کو نری کرکے اوسی کو بندگی

فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُقْتَصِدٌ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا

پھر جب بچا دیا اونکو جنگل کیطرف تو کوئی ہوتا ہے اونمیں بیچ کی چال پر اور منکر وہی ہوتے ہیں ہماری

إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ۝ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ وَ

قدرتوں سے جو قول کے جھوٹے ہیں ناحق بوجھنے والے اے لوگو بچتے رہو اپنے رب سے اور

اخْشَوْا يَوْمًا لَا يَجْزِي وَالِدٌ عَنْ وَلَدِهِ وَلَا مَوْلُودٌ هُوَ

ڈرو اوس دن سے کہ کام نہ آوے کوئی باپ اپنے بیٹے کے بدلے اور نہ کوئی بیٹا ہو جو

جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ۭ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ

کام آوے اپنے باپ کی جگہہ کچھہ بیشک اللہ کا وعدہ ٹھیک ہے سو تمکو نہ بہکاوے دنیا کا جینا

الدُّنْيَا ۫ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ

اور نہ دہوکا دے تمکو اللہ کے نام سے وہ دغاباز اللہ جو ہے اوس پاس ہے قیامت

السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَ

کی خبر اور اوتارتا ہے مینہ اور جانتا ہے جو ہے ماں کے پیٹ مین اور

مَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ

کوئی جی نہین جانتا کیا کرے گا کل اور کوئی جی

نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝

نہین جانتا کس زمین مین مریگا تحقیق اللہ ہی سب جانتا ہے خبردار

ع ۴

## سورة السجدة مكية وهي ثلثون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

الٓمّٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝


اوتارا کتاب کا ہے اسمین کچھہ دہوکا نہین جہان کے صاحب سے

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ

کیا کہتے ہین یہہ باندہ لایا کوئی نہین وہ ٹھیک ہے تیرے رب کیطرف سے کہ تو

قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۝

ڈر سناوے ایک لوگونکو جنکو نہین آیا کوئی ڈرانیوالا تجھہ سے پہلے شاید وہ راہ پر آوین



اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَیْنَهُمَا فِیْ سِتَّةِ
اللہ ہے جس نے بنائے آسمان و زمین اور جو انکے بیچ ہے چھ

اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ
دن مین پھر قایم ہوا عرش پر کوئی نہین تمہارا اوسکے سواے

وَّلِیٍّ وَّلَا شَفِیْعٍ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ○ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ
حمایتی نہ سفارشی پھر تم کیا سوچ نہین کرتے تدبیر سے اوتارتا ہے کام آسمان سے

اِلَی الْاَرْضِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ
زمین تک پھر چڑھتا ہے اوسکی طرف ایک دن مین جسکا اندازہ ہزار

سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ○ ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ
برس ہین تمہاری گنتی مین ف۱ یہ ہے جاننے والا چھپے اور کھلے کا

الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ○ الَّذِیْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ
زبردست رحم والا جس نے خوب بنائی جو چیز بنائی اور شروع کی

خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ○ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ
انسان کی پیدائش ایک گارے سے پھر بنائی اوسکی اولاد نچڑے

مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ○ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ
پانی بے قدر سے پھر اوسکو برابر کیا اور پھونکی اوسمین اپنی جان مین سے

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ قَلِیْلًا مَّا
اور بنا دیے تمکو کان اور آنکھین اور دل تم تھوڑا

تَشْكُرُوْنَ ○ وَقَالُوْۤا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا
شکر کرتے ہو ف۲ اور کہتے ہین کیا جب ہم رل گئے زمین مین کیا ہمکو

لَفِي خَلْقٍ جَدِيدٍ ۚ بَلْ هُم بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ كٰفِرُونَ ○

نیا بنتا ہے کوئی نہیں وہ اپنے رب کی ملاقات سے منکر ہین

قُلْ يَتَوَفّٰىكُم مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ إِلٰى

تو کہہ بھر لیتا ہے تمکو فرشتہ موت کا جو تم پر تعین ہے پھر اپنے

رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ○ وَلَوْ تَرٰى إِذِ الْمُجْرِمُونَ نَاكِسُوا رُءُوسِهِمْ

رب کی طرف پھر جاؤ گے اور کبھی تو دیکھے جسوقت منکر سر ڈالے ہونگے

عِندَ رَبِّهِمْ ۚ رَبَّنَا أَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ

اپنے رب کے پاس اے رب ہمنے دیکھہ لیا اور سن لیا اب ہمکو پھر بھیج ہم کرین

صَالِحًا إِنَّا مُوقِنُونَ ○ وَلَوْ شِئْنَا لَآتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

بھلائی ہمکو یقین آیا اور اگر ہم چاہتے تو دیتے ہر جی کو

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّي لَأَمْلَأَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ

سوجھ اپنی راہ کی لیکن ٹھیک پڑچکی میری کہی بات کہ مجھکو بھرنی دوزخ

الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ○ فَذُوقُوا بِمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ

جنون سے اور آدمیون سے اکٹھے سواب چکھو مزہ جیسے بھلا دیا تھا اس

يَوْمِكُمْ هٰذَا ۖ إِنَّا نَسِينٰكُمْ ۖ وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ

اپنے دن کا ملنا ہمنے بھلا دیا تمکو اور چکھو مار سدا کی بدلا

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ○ إِنَّمَا يُؤْمِنُ بِآيٰتِنَا الَّذِينَ

اپنے کئے کا ہماری باتون کو مانتے وہ ہین کہ جب اونکو

إِذَا ذُكِّرُوا بِهَا خَرُّوا سُجَّدًا وَسَبَّحُوا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ

سمجھائیے اون سے گر پڑین سجدہ کرکے اور پاک ذات کو یاد کرین اپنے رب کی خوبیون سے

ع ۱۱

وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ

اور وہ بڑائی نہیں کرتے الگ رہتی ہیں اونکی کروٹیں اپنے سونے کی جگہہ سے

يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝

پکارتے ہیں اپنے رب کو ڈرسے اور لالچ سے اور ہمارا دیا کچھہ خرچ کرتے ہیں

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ جَزَآءً

سوکسی جی کو معلوم نہیں جو چھپا دہرا ہے اونکے واسطے جو ٹھنڈک ہے آنکھوں کی بدلا

بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا

اوسکا جو کرتے تھے بھلا ایک جو ہے ایمان پر برابر اوسکے جو بیحکم ہے

لَا يَسْتَوٗنَ ۝ اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ

نہیں برابر ہوتے سو وہ جو یقین لائے اور کیے کام بھلے تو اونکو

جَنّٰتُ الْمَاْوٰى نُزُلًا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ

باغ ہیں رہنے کے مہمانی اوسپر جو کرتے تھے اور وہ جو

فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا

بیحکم ہوئے سو اونکا گھر ہے آگ جب چاہیں کہ نکل پڑیں اوسمیں سے

مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ

اولٹے جاویں پھر اوسی میں اور کہیے اونکو چکھو آگ کی

النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ

مار جسکو تم جھٹلاتے تھے اور البتہ چکھاوینگے ہم اونکو

الْعَذَابِ الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ

تھوڑا سا عذاب ورے اوس بڑے عذاب سے کہ شاید

يَرْجِعُونَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ

پھر آویں ف اور کون بے انصاف اوس سے جسکو سمجھایا اوسکے رب کی باتون سے پھر اونسے منہ موڑ

عَنْهَا ۭ اِنَّا مِنَ الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

گیا مقرر ہمکو ان گنہگارون سے بدلا لینا ہے اور ہمنے دی ہے موسی کو

الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَاۗىِٕهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًى

کتاب سو تومت رہ دہوکے مین اوسکے ملنے سے اور وہ کی ہمنے سوجھ

لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَىِٕمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا

بنی اسرائیل کو ۲ اور کئے ہمنے اون مین سردار جو راہ چلاتے ہمارے حکم سے

لَمَّا صَبَرُوْا ڜ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يُوْقِنُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ


## سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّخَمْسُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ

اسی طرح وحی بھیجتا ہے تیری طرف اور تجھ سے پہلوں کی طرف

اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَهُوَ

اللہ زبردست حکمت والا اوسی کا ہے جو کچھ ہے آسمانون مین اور زمین مین اور وہی ہے

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ

سب سے اوپر بڑا قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑین اوپر سے اور فرشتے

يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ

پاکی بولتے ہین خوبیان اپنے رب کی اور گناہ بخشواتے ہین زمین والون کے سنتا ہے

إِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ۝ وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ

وہی ہے معاف کرنیوالا مہربان ف۱ اور جنہون نے پکڑے ہین اوسکے سواے

أَوْلِيَاءَ اللّٰهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ ۝

رفیق اللہ کو وہ یاد ہین اور تجھہ پر نہین اونکا ذمہ

وَكَذٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ قُرْآنًا عَرَبِيًّا لِّتُنذِرَ أُمَّ الْقُرَىٰ

اور اسی طرح اوتارا ہم نے تجھہ پر قرآن عربی زبان کا کہ تو ڈر سناوے بڑے گانون کو

وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ فَرِيقٌ

اور اوسکے آس پاس والونکو اور خبر سنادے جمع ہونے کے دن کی اوسمین دھوکا نہین ایک فرقہ

فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيقٌ فِي السَّعِيرِ ۝ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ

بہشت مین اور ایک فرقہ آگ مین ف۲ اور اگر چاہتا اللہ توسب لوگون کو کرتا

أُمَّةً وَاحِدَةً وَلٰكِن يُدْخِلُ مَن يَشَاءُ فِي رَحْمَتِهِ ۚ وَ

ایک ہی فرقہ پر وہ داخل کرتا ہے جسکو چاہے اپنی مہر مین اور

الظَّالِمُونَ مَا لَهُم مِّن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ أَمِ اتَّخَذُوا مِن دُونِهِ

گنہگار جو ہین اونکا کوئی نہین رفیق نہ مددگار کیا انہون نے پکڑے ہین اوس سے ورے

أَوْلِيَاءَ ۖ فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِي الْمَوْتَىٰ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ

کام بنانیوالے سو اللہ جو ہے وہی ہے کام بنانیوالا اور وہی جلاتا ہے مردے اور وہ ہر

شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللّٰهِ ۚ

چیز کرسکتا ہے اور جس بات مین پھوٹے ہو تم لوگ کوئی چیز ہو اوسکی چکوتی ہے اللہ کے حوالے

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّي عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْهِ أُنِيبُ ۝ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ

وہ اللہ ہے رب میرا اوسی پر مجھکو بھروسا اور اوسی کی طرف رجوع بنا نکالنے والا آسمانونکا

ف۱ [illegible]

ف۲ [illegible]

ع۹

والارض جعل لكم من انفسكم ازواجا ومن الانعام ازواجا

اور زمین کا بنا دیے تمکو تم ہی مین سے جوڑے اور چوپایون مین سے جوڑے

يذرؤكم فيه ليس كمثله شيء وهو السميع البصير ○ له

بکھیرتا ہے تمکو اس طرح نہین اوس کی طرح کا سا کوئی اور وہی ہے سنتا دیکھتا اوسی پاس ہین

مقاليد السموت والارض يبسط الرزق لمن يشاء ويقدر

کنجیان آسمانون کی اور زمین کی پھیلا دیتا ہے روزی جسکو چاہے اور ناپ دیتا ہے

انه بكل شيء عليم ○ شرع لكم من الدين ما وصى به نوحا

وہ ہر چیز کی خبر رکھتا ہے راہ ڈالدی تمکو دین مین وہی جو کہدیا تھا نوح کو

والذي اوحينا اليك وما وصينا به ابرهيم وموسى وعيسى

اور جو حکم بھیجا ہمنے تیری طرف اور وہ جو کہدیا ہمنے ابراہیم کو اور موسی کو اور عیسی کو

ان اقيموا الدين ولا تتفرقوا فيه كبر على

کہ قائم رکھو دین اور پھوٹ نہ ڈالو اوس مین بھاری پڑتا ہے

المشركين ما تدعوهم اليه الله يجتبي اليه

شریک والون کو جس طرف تو بلاتا ہے اونکو اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف

من يشاء ويهدي اليه من ينيب ○ وما تفرقوا

جسکو چاہے اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اوسکو جو رجوع لاوے ع ۱ اور جو پھوٹ ڈالی

الا من بعد ما جاءهم العلم بغيا بينهم ولولا

سو سمجھ آچکے پیچھے آپس کی ضد سے اور اگر نہوتی

كلمة سبقت من ربك الى اجل مسمى لقضي

ایک بات جو نکل گئی ہے تیرے رب سے ایک ٹھہرے وعدے تک تو فیصلہ ہوجاتا

بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّ الَّذِينَ أُورِثُوا الْكِتَابَ مِنْ بَعْدِهِمْ لَفِي شَكٍّ

اون میں اور جنکو ہاتھ لگی ہے کتاب اون کے پیچھے وہ دھوکے میں ہیں

مِنْهُ مُرِيبٍ ۞ فَلِذَٰلِكَ فَادْعُ ۖ وَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ ۖ وَلَا تَتَّبِعْ

اوسکے جو چین نہیں دیتا ف۱ سو تو اوسی طرف بلا اور قائم رہ جیسا فرمادیا اور نہ چل

أَهْوَاءَهُمْ ۖ وَقُلْ آمَنْتُ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنْ كِتَابٍ ۖ وَأُمِرْتُ

اونکی چاؤ پر اور کہہ میں یقین لایا ہر کتاب پر جو اوتاری اللہ نے اور مجھکو حکم ہے

لِأَعْدِلَ بَيْنَكُمُ ۖ اللَّهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۖ لَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ

کہ انصاف کروں تمہارے بیچ اللہ رب ہے ہمارا اور تمہارا ہمکو ملتے ہیں ہمارے کام اور تمکو

أَعْمَالُكُمْ ۖ لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ۖ اللَّهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ۖ

تمہارے کام کچھ جھگڑا نہیں ہم میں اور تم میں اللہ اکٹھا کریگا ہم سب کو

وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۞ وَالَّذِينَ يُحَاجُّونَ فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ

اور اوسی طرف ہے پھر جانا ف۳ اور جو لوگ جھگڑا ڈالتے ہیں اللہ کی بات میں جب

مَا اسْتُجِيبَ لَهُ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَعَلَيْهِمْ

خلق اوسکو مان چکی اونکا جھگڑا ڈھے رہا ہے اونکے رب کے ہاں اور اونپر

غَضَبٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۞ اللَّهُ الَّذِي أَنْزَلَ الْكِتَابَ

غصہ ہے اور اونکو سخت مار ہے ف۱ اللہ وہی ہے جس نے اوتاری کتاب

بِالْحَقِّ وَالْمِيزَانَ ۗ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيبٌ ۞

سچے دین پر اور ترازو اور تجھکو کیا خبر ہے شاید وہ گھڑی پاس ہو ف۲

يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِهَا ۖ وَالَّذِينَ

شتابی کرتے ہیں اوسکی جو یقین نہیں رکھتے اوسپر اور جو

امنوا مشفقون منها ويعلمون انها الحق الا ان

جو یقین رکھتے ہین اونکو اوسکا ڈر ہے اور جانتے ہین کہ وہ ٹھیک ہے سنتا ہے جو

الذين يمارون في الساعة لفي ضلل بعيد ۝ الله

لوگ جھگڑتے ہین اوس گھڑی کے آنے مین وہ بہکے ہین صریح ۝ اللہ

لطيف بعباده يرزق من يشاء وهو القوي العزيز

نرمی رکھتا ہے اپنے بندون پر روزی دیتا ہے جسکو چاہے اور وہ ہے زور آور زبردست

من كان يريد حرث الاخرة نزد له في حرثه ومن

جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی بڑھادین ہم اوسکو اوسکی کھیتی اور جو کوئی

كان يريد حرث الدنيا نؤته منها وما له في الاخرة

ہو چاہتا دنیا کی کھیتی اوسکو دین ہم کچھ اوسمین سے اور اوسکو نہین آخرت مین

من نصيب ۝ ام لهم شركؤا شرعوا لهم من الدين ما لم

کچھ حصہ کیا اونکے اور شریک ہین جو راہ ڈالی ہے اونہون نے انکے واسطے دین کی جسکا

يأذن به الله ولولا كلمة الفصل لقضي بينهم وان

حکم نہین دیا اللہ نے اور اگر نہو تی بات فیصلہ کی تو فیصلہ ہو جاتا اون مین اور بیشک

الظلمين لهم عذاب اليم ۝ ترى الظلمين مشفقين مما كسبوا


جو گنہگار ہین اونکو دکھ کی مار ہے تو دیکھے گنہگار ڈرتے ہون گے اپنی کمائی سے

وهو واقع بهم والذين امنوا وعملوا الصلحت في روضت

اور وہ پڑنا ہے اونپر اور جو یقین لائے اور بھلے کام کئے باغون مین ہین

الجنت لهم ما يشاؤن عند ربهم ذلك هو الفضل

بہشت کے اونکو ہے جو چاہین اپنے رب کے پاس یہی ہے بڑی بزرگی




الْكَبِيرُ ۝ ذَٰلِكَ الَّذِي يُبَشِّرُ اللَّهُ عِبَادَهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَ

یہ خوشخبری دیتا ہے اللہ اپنے ایماندار بندون کو جو

عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ۗ قُل لَّا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي

کرتے ہین بھلے کام تو کہہ مین مانگتا نہین تم سے اسپر کچھ نیگ مگر دوستی چاہیے

الْقُرْبَىٰ ۗ وَمَن يَقْتَرِفْ حَسَنَةً نَّزِدْ لَهُ فِيهَا حُسْنًا ۚ إِنَّ اللَّهَ

ناتے مین اور جو کوئی کماویگا نیکی ہم اوسکو بڑھا دین گے اوسکی خوبی بیشک اللہ

غَفُورٌ شَكُورٌ ۝ أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا ۖ فَإِن

معاف کرتا ہے حق ماننا ہے وقف کیا کہتے ہین اس نے باندھا اللہ پر جھوٹ سو اگر

يَشَإِ اللَّهُ يَخْتِمْ عَلَىٰ قَلْبِكَ ۗ وَيَمْحُ اللَّهُ الْبَاطِلَ وَيُحِقُّ

چاہے اللہ مہر کردے تیرے دل پر اور مٹاوے اللہ جھوٹ کو اور ثابت کرتا ہے

الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ ۚ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ وَهُوَ الَّذِي

سچ کو اپنی باتون سے اوسکو معلوم ہے جو دلون مین ہے ع ۲ اور وہی ہے جو

يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهِ وَيَعْفُو عَنِ السَّيِّئَاتِ وَيَعْلَمُ

قبول کرتا ہے توبہ اپنے بندون سے اور معاف کرتا ہے برائیان اور جانتا ہے

مَا تَفْعَلُونَ ۝ وَيَسْتَجِيبُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

جو کرتے ہو ع ۳ اور دعا سنتا ہے ایمان والون کی جو بھلے کام کرتے ہین

وَيَزِيدُهُم مِّن فَضْلِهِ ۚ وَالْكَافِرُونَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيدٌ ۝

اور بڑھتی دیتا ہے اونکو اپنے فضل سے اور جو منکر ہین اونکو سخت مار ہے

وَلَوْ بَسَطَ اللَّهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهِ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ وَلَٰكِن

اور اگر پھیلا دے اللہ روزی اپنے بندون کو تو دہوم اوٹھاوین ملک مین پر

يُنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاءُ ۚ إِنَّهُ بِعِبَادِهِ خَبِيرٌ بَصِيرٌ ۝ وَهُوَ

اوتارتا ہے ناپ کر جتنی چاہتا ہے بیشک وہ اپنے بندون کی خبر رکھتا ہے دیکھتا اور وہی ہے

الَّذِي يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِن بَعْدِ مَا قَنَطُوا وَيَنشُرُ رَحْمَتَهُ ۚ وَ

جو اوتارتا ہے مینہ پیچھے اس سے کہ آس توڑ چکے اور پھیلاتا ہے اپنی مہر اور

هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ خَلْقُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

وہی ہے کام بنانے والا خوبیون سراہا اور ایک اوسکی نشانی ہے بنانا آسمانون کا اور زمین کا

وَمَا بَثَّ فِيهِمَا مِن دَابَّةٍ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ جَمْعِهِمْ إِذَا يَشَاءُ قَدِيرٌ ۝

اور جتنے بکھیرے ہین اون مین جانور اور وہ جب چاہے ان سب کو اکٹھا کر سکتا ہے

وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو

اور جو پڑے تم پر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہارے ہاتھون نے اور معاف کرتا ہے

عَن كَثِيرٍ ۝ وَمَا أَنتُم بِمُعْجِزِينَ فِي الْأَرْضِ ۖ وَمَا لَكُم مِّن

بہت وا اور تم تھکانے والے نہین بھاگ کر زمین مین اور کوئی نہین تمکو

دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ وَمِنْ آيَاتِهِ الْجَوَارِ فِي

اللہ کے سوائے کام بنانے والا نہ مددگار اور ایک اوسکی نشانی ہے چلتے جہاز

الْبَحْرِ كَالْأَعْلَامِ ۝ إِن يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ

دریا مین جیسے پہاڑ اگر چاہے تھام دے ہوا پھر رہ جاوین سارے دن ٹھہرے

عَلَىٰ ظَهْرِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ أَوْ

اسکی پیٹھ پر مقرر اس مین پتے ہین ہر ٹھہرنے والے کو جو حق مانے یا

يُوبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوا وَيَعْفُ عَن كَثِيرٍ ۝ وَيَعْلَمَ الَّذِينَ يُجَادِلُونَ

تباہ کر دے اونکو لوگون کی کمائی سے اور معاف بھی کرے بہتون کو اور جان لیوین جو جھگڑتے ہین

فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ۝ فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ

جھگڑتے ہیں ہماری قدرتوں میں نہیں اونکو بچاؤ کی جگہ ق۱ سو جو ملا ہے تمکو کچھ چیز ہو سو برتنا ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

دنیا کے جیتے اور جو اللہ کے ہان ہے بہتر ہے اور رہنے والا واسطے ایمان والون کے

وَعَلٰي رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰۗىِٕرَ الْاِثْمِ

اور جو اپنے رب پر بھروسا رکھتے ہین اور جو بچتے ہین بڑے گناہون سے

وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ

اور بےحیائی سے اور جب غصہ آوے وہ معاف کرتے ہین اور جنہون نے

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۠ وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ

حکم مانا اپنے رب کا اور کھڑی کی نماز اور انکا کام ہے مشورہ سے آپس کے

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ

اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہین ق۲ اور وہ لوگ کہ جب ان پر ہووے چڑھائی

يَنْتَصِرُوْنَ ۝ وَجَزٰۗؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَ

تو وہ بدلا لیتے ہین ق۳ اور برائی کا بدلا برائی ویسی ہے پھر جو کوئی معاف کرے اور

اَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَلَمَنِ انْتَصَرَ

سنوارے سو اوسکا ثواب ہے اللہ کے ذمہ بیشک اوسکو خوش نہین آتے گنہگار اور جو کوئی بدلا لے

بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۭ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَي

اپنے ظلم پر سو اونپر بھی نہیں الزام الزام تو اونپر

الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ

جو ظلم کرتے ہین لوگون پر اور دنیا میں فساد اٹھاتے ہین ملک میں ناحق

الْحَقِّ ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَمَن صَبَرَ وَغَفَرَ إِنَّ ذَٰلِكَ

اون لوگون کو ہے ایک دکھ کی مار اور البتہ جس نے سہا اور معاف کیا بیشک یہ کام

لَمِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ۝ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ فَمَا لَهُ مِن وَلِيٍّ مِّن

ہمت کے ہین اور جسکو راہ ندے اللہ تو کوئی نہین اوسکا کام بنانے والا

بَعْدِهِ ۗ وَتَرَى الظَّالِمِينَ لَمَّا رَأَوُا الْعَذَابَ يَقُولُونَ هَلْ إِلَىٰ

اوسکے سوا اور تو دیکھے گنہگارون کو جسوقت دیکھین گے عذاب کہین گے کسی طرح

مَرَدٍّ مِّن سَبِيلٍ ۝ وَتَرَاهُمْ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا خَاشِعِينَ

پھر جانے کی بھی ہوگی کوئی راہ اور تو دیکھے اونکو سامنے لائے گئے ہین آگ کے دبے آنکھین

مِنَ الذُّلِّ يَنظُرُونَ مِن طَرْفٍ خَفِيٍّ ۗ وَقَالَ الَّذِينَ آمَنُوا

ذلت سے دیکھتے ہین چھپی نگاہ سے اور کہتے ہین جو ایمان دار تھے

إِنَّ الْخَاسِرِينَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ وَأَهْلِيهِمْ يَوْمَ

مقرر ٹوٹے والے وہ ہین جنہون نے گنوائی اپنی جان اور اپنا گھر دن

الْقِيَامَةِ ۗ أَلَا إِنَّ الظَّالِمِينَ فِي عَذَابٍ مُّقِيمٍ ۝ وَمَا كَانَ

قیامت کے سنتا ہے گنہگار پڑے ہین سدا کی مار مین اور کوئی ہنوئے

لَهُم مِّنْ أَوْلِيَاءَ يَنصُرُونَهُم مِّن دُونِ اللَّهِ ۗ وَمَن يُضْلِلِ اللَّهُ

اونکے حمایتی جو مدد کرتے اونکی اللہ کے سوائے اور جسکو بھٹکاوے اللہ

فَمَا لَهُ مِن سَبِيلٍ ۝ اسْتَجِيبُوا لِرَبِّكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا

اسکو کہین نہین راہ مانو اپنے رب کا حکم اوس سے پہلے کہ آوے ایک دن جو

مَرَدَّ لَهُ مِنَ اللَّهِ ۚ مَا لَكُم مِّن مَّلْجَإٍ يَوْمَئِذٍ وَمَا لَكُم مِّن نَّكِيرٍ ۝

پھرتا نہین اللہ کے ہان سے نہ ملیگا تمکو بچاو اوسدن اور نہ ملے گا الوپ ہو جانا

ع ٤

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ حَفِيظًا إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا

پھر اگر وہ ٹلا وین تو تجھکو نہین بھیجا ہم نے اونپر نگہبان تیرا ذمہ یہی ہے

الْبَلَاغُ وَإِنَّا إِذَا أَذَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا وَإِنْ

پہونچا دینا اور ہم جب چکھاتے ہین آدمی کو اپنی طرف سے مہر اوسپر ریجھتا ہے اور اگر

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ فَإِنَّ الْإِنْسَانَ كَفُورٌ ○

پہونچتی ہے اونکو کچھ برائی بدلا اپنی کمائی کا تو انسان بڑا ناشکر ہے

لِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ

اللہ کا راج ہے آسمانون مین اور زمین مین پیدا کرتا ہے جو چاہے بخشتا ہے جسکو چاہے

إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ الذُّكُورَ ○ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَإِنَاثًا

بیٹیان اور بخشتا ہے جسکو چاہے بیٹے یا اونکو دیتا ہے جوڑے بیٹے اور بیٹیان

وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ○ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ

اور کرتا ہے جسکو چاہے بانجھ وہ ہے سب جانتا کرسکتا اور کسی آدمی کی حد نہین کہ

يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا

اوس سے باتین کرے اللہ مگر اشارہ سے یا پردہ کے پیچھے سے یا بھیجے کوئی پیغام لانیوالا

فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ ○ وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ

پھر پہونچادے اوسکے حکم سے جو چاہے وہ ہے سب سے اوپر حکمتون والا ع اور اسی طرح بھیجا ہمنے تیری طرف

رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ

ایک فرشتہ اپنے حکم سے تو نہ جانتا تھا کہ کیا ہے کتاب نہ ایمان پر

وَلَٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ

ہمنے رکھی ہے یہ روشنی اس سے راہ دیتے ہین جسکو چاہین اپنے بندون مین اور تو البتہ

لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا

سوجھاتا ہے سیدھی راہ اللہ کی جسکا ہے جو کچھ ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۧ

آسمانوں مین اور زمین مین سنتا ہے اللہ ہی تک پہونچتے ہے کاموں کی

ع ١٠

## سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ تِسْعٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

حٰمٓ ۚ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۙ اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

قسم ہے اس کتاب واضح کی ہمنے رکھا اسکو قرآن عربی زبان کا شاید تم

تَعْقِلُوْنَ ۚ وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۭ اَفَنَضْرِبُ

بوجھو اور یہ بڑی کتاب مین ہم پاس ہے اونچا محکم کیا پھیر دینگے ہم

عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۫ وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ

تمہاری طرف سے یہ سمجھوتی منہ موڑ کر اس سے کہ تم ہو لوگ حد پر نہیں رہتے ف اور بہت بھیجے ہیں ہمنے

نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۙ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ

نبی پہلوں مین اور نہیں آتا لوگوں کو کوئی پیغام لانے والا جس سے ٹھٹھا نہیں کرتے

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ

پھر کھپا دیے ہمنے ان سے سخت زور والے اور چلی آئی ہے حقیقت پہلوں کی

وَلَىِٕنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اور اگر تو ان سے پوچھے کس نے بنائے آسمان و زمین

معانقہ

لَيَقُولُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيزُ الْعَلِيمُ ○ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ

توکہیں بنائے اوس زبردست خبردار نے وہی ہے جسنے بنادی تمکو

الْأَرْضَ مَهْدًا وَجَعَلَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

زمین بچھونا اور رکھدین تمکو اس مین راہین شاید تم راہ پاؤ

وَالَّذِي نَزَّلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَنْشَرْنَا بِهِ بَلْدَةً

اور جسنے اوتارا آسمان سے پانی ناپ کر پھر اوبھارا ہمنے اوس سے ایک دیس

مَيْتًا كَذَلِكَ تُخْرَجُونَ ○ وَالَّذِي خَلَقَ الْأَزْوَاجَ كُلَّهَا

مردہ اسی طرح تمکو نکالینگے اور جسنے بنائے سب چیزکے جوڑے

وَجَعَلَ لَكُمْ مِنَ الْفُلْكِ وَالْأَنْعَامِ مَا تَرْكَبُونَ ○ لِتَسْتَوُوا

اور بنادئے تمکو کشتی اور چوپائے جس پر سوار ہوتے ہو تا چڑھ بیٹھو

عَلَى ظُهُورِهِ ثُمَّ تَذْكُرُوا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ إِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ

اوسکی پیٹھ پر پھر یاد کرو اپنے رب کا احسان جب بیٹھ چکو اوس پر

وَتَقُولُوا سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ

اور کہو پاک ذات ہے وہ جسنے بس مین دیا ہمارے یہ اور ہم نتھے اوسکے مقابل ہوسکتے

وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ○ وَجَعَلُوا لَهُ مِنْ عِبَادِهِ جُزْءًا

اور ہمکو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے اور ٹھہرائی ہے انہون نے اوسکو اولاد اوسکے بندون سے


إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ مُبِينٌ ○ أَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنَاتٍ وَ

تحقیق انسان بڑا ناشکر ہے صریح کیا رکھ لین اپنی پیدا کی مین سے بیٹیان اور

أَصْفَاكُمْ بِالْبَنِينَ ○ وَإِذَا بُشِّرَ أَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ لِلرَّحْمَنِ

تمکو دئے چن کر بیٹے اور جب اونمین خوشخبری ملے کسی کو اوس چیز کی جو رحمن پر

ع ١٥



مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ○ اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا

نام دھرا سارے دن رہے اوسکا منہ سیاہ اور وہ دل مین گھٹ رہا اور ایسا شخص کہ پلتا ہے

فِي الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِي الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ○ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ

گہنے مین اور جھگڑے مین بات نہ کہہ سکے اور ٹھہرایا فرشتون کو

الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ

جو بندے ہین رحمان کے عورت کیا دیکھتے تھے اونکا بننا

سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ ○ وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ

اب لکھ رکھین گے اونکی گواہی اور اونسے پوچھ ہوگی ع اور کہتے ہین اگر چاہتا رحمن

مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ؕ

ہم نہ پوجتے اونکو کچھ خبر نہین انکو اس کی یہ سب اٹکلین دوڑاتے ہین ع۲

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ مُسْتَمْسِكُوْنَ ○ بَلْ قَالُوْٓا

کیا ہم نے کوئی کتاب دی ہے انکو اس سے پہلے سو یہ اوسپر مضبوط ہین ع۳ بلکہ کہتے ہین

اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ ○

ہمنے پایا اپنے باپ دادے ایک راہ پر اور ہم اونہین کے قدمون پر ہین راہ پائے

وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا

اور اسی طرح جو بھیجا ہمنے تجھ سے پہلے ڈر سنانے والا کسی گانوٗن مین

قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ

سو کہنے لگے وہان کے آسودہ لوگ ہمنے پایا اپنے باپ دادے ایک راہ پر اور ہم اونہین کے قدمون پر

مُّقْتَدُوْنَ ○ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

چلتے ہین وہ بولا اور جو مین لادون تمکو اوس سے زیادہ سوجھ کی راہ جسپر تم نے پائے

عَلَيۡهِ اٰبَآءَكُمۡ قَالُوۡۤا اِنَّا بِمَاۤ اُرۡسِلۡتُمۡ بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ۝ فَانۡتَقَمۡنَا

اپنے باپ دادے تو یہی کہنے لگے ہمکو تمہارے ہاتھ بھیجا نہ مانتا پھر ہمنے اونسے بدلا

مِنۡهُمۡ فَانۡظُرۡ كَيۡفَ كَانَ عَاقِبَةُ الۡمُكَذِّبِيۡنَ ۝ وَاِذۡ قَالَ

لیا سو دیکھ آخر کیسا ہوا جھٹلانے والون کا اور جب کہا

اِبۡرٰهِيۡمُ لِاَبِيۡهِ وَقَوۡمِهٖۤ اِنَّنِىۡ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعۡبُدُوۡنَ ۝ اِلَّا

ابراہیم نے اپنے باپ کو اور اوسکی قوم کو مین الگ ہون اون چیزون سے جسکو پوجتے ہو مگر

الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ فَاِنَّهٗ سَيَهۡدِيۡنِ ۝ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً

جس نے مجھکو بنایا سو وہ مجھکو راہ دیگا اور یہی بات پیچھے چھوڑ گیا

فِىۡ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ۝ بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمۡ

اپنی اولاد مین شاید وہ رجوع رہین کوئی نہین پر مینے برتنے دیا انکو اور انکے باپ دادون کو

حَتّٰى جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ وَرَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ ۝ وَلَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ

یہانتک کہ پہنچا اونکو دین سچا اور رسول کھول سنانے والا اور جب پہونچا اونکو سچا دین

قَالُوۡا هٰذَا سِحۡرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ۝ وَقَالُوۡا لَوۡلَا نُزِّلَ

کہنے لگے یہ جادو ہے اور ہم اسکو نہ مانین گے اور کہتے ہین کیون نہ اوترا

هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الۡقَرۡيَتَيۡنِ عَظِيۡمٍ ۝ اَهُمۡ

یہ قرآن کسی بڑے مرد پر ان دو بستیون کے کیا وہ

يَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحۡنُ قَسَمۡنَا بَيۡنَهُمۡ مَّعِيۡشَتَهُمۡ

بانٹتے ہین تیرے رب کی مہر ہمنے بانٹی ہے ان مین روزی انکی

فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ فَوۡقَ بَعۡضٍ

دنیا کے جیتے اور اونچے کئے درجے ایک کے ایک سے

دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۗ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ

کہ ٹھہراتا ہے ایک دوسرے کو کیرا اور تیرے رب کی مہر بہتر ہے ان

مِّمَّا يَجْمَعُونَ ۝ وَلَوْلَآ أَن يَكُونَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً

چیزوں سے جو سمیٹتے ہیں ف اور اگر یہ نہ ہوتا کہ لوگ ہو جاویں ایک دین پر

لَّجَعَلْنَا لِمَن يَكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوتِهِمْ سُقُفًا مِّن فِضَّةٍ

تو ہم دیتے انکو جو منکر ہیں رحمن سے اونکے گھروں کو چھت روپے کی

وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُونَ ۝ وَلِبُيُوتِهِمْ أَبْوَابًا وَّسُرُرًا

اور سیڑھیاں جن پر چڑہیں اور اونکے گھروں کو دروازے اور تخت

عَلَيْهَا يَتَّكِـُٔونَ ۝ وَزُخْرُفًا ۚ وَإِن كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ

جن پر لگ بیٹھیں اور سونے کے اور یہ سب کچھ نہیں مگر برتنا

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْآخِرَةُ عِندَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِينَ ۝ وَمَن يَعْشُ

دنیا کے جیتے اور پچھلا گھر تیرے رب کے ہاں انہی کو ہے جو ڈر رکھتے ہیں ف اور جو کوئی

عَن ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهُ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهُ قَرِينٌ ۝ وَإِنَّهُمْ

آنکھیں چراوے رحمن کی یاد سے ہم اوسپر تعین کریں ایک شیطان پھر وہ رہے اوسکا ساتھی اور وہ اونکو

لَيَصُدُّونَهُمْ عَنِ السَّبِيلِ وَيَحْسَبُونَ أَنَّهُم مُّهْتَدُونَ ۝

روکتے ہیں راہ سے اور یہ سمجھتے ہیں کہ ہم راہ پر ہیں

حَتّٰىٓ إِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ

یہاں تک کہ جب آوے ہم پاس کہے کسی طرح مجھ میں اور تجھ میں فرق ہو مشرق مغرب کا سا

فَبِئْسَ الْقَرِينُ ۝ وَلَن يَنفَعَكُمُ الْيَوْمَ إِذ ظَّلَمْتُمْ

کہ کیا برا ساتھی ہے ف۳ اور کچھ فائدہ نہیں تمکو آج کے دن جب تم ظالم ٹھہرے اس سے کہ

ف۱ اللہ نے روزی دنیا کی تو انکی تجویز پر نہیں رکھی پھر نبوت کیونکر دے ان کی تجویز پر

ف۲ یعنی کافر کو اللہ کے یہاں کچھ قدر نہیں ... دنیا میں آرام ...

نصف

ف۳ یعنی شیطان ... اور ... ساتھی ...

أَنَّكُمْ فِي الْعَذَابِ مُشْتَرِكُونَ ۝ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ أَوْ تَهْدِي الْعُمْيَ

اس سے کہ تم مار مین شامل ہو ف۱ سو کیا تو سناویگا بہرون کو یا سوجھاویگا اندھون کو

وَمَن كَانَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۝ فَإِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَإِنَّا مِنْهُم

اور صریح غلطی مین بھٹکتون کو پھر اگر کبھی ہم تجھکو لے گئے تو ہمکو ان سے

مُّنتَقِمُونَ ۝ أَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِي وَعَدْنَاهُمْ فَإِنَّا عَلَيْهِم

بدلا لینا یا تجھکو دکھاوین جو انکو وعدہ دیا ہے تو یہ ہمارے

مُّقْتَدِرُونَ ۝ فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِي أُوحِيَ إِلَيْكَ إِنَّكَ

بس مین ہین سو تو مضبوط رہ اوسی پر جو تجھکو حکم آیا . تو ہے

عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ وَإِنَّهُ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ وَسَوْفَ

بیشک سیدہی راہ پر اور یہ مذکور رہے گا تیرا اور تیری قوم کا اور آگے

تُسْأَلُونَ ۝ وَاسْأَلْ مَنْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رُّسُلِنَا

تم سے پوچھ ہوگی اور پوچھ دیکھ جو رسول بھیجے ہمنے . تجھ سے پہلے کبھی ہم نے

أَجَعَلْنَا مِن دُونِ الرَّحْمَٰنِ آلِهَةً يُعْبَدُونَ ۝ وَلَقَدْ

رکھے ہین رحمن کے سوائے اور حاکم کہ پوجے جاوین ف۲ اور بھیجے

أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ


بھیجا موسی کو اپنی نشانیان دیکر فرعون اور اوسکے سردارون پاس

فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ فَلَمَّا جَاءَهُم

تو کہا مین بھیجا ہون جہان کے صاحب کا پھر جب لایا اون پاس

بِآيَاتِنَا إِذَا هُم مِّنْهَا يَضْحَكُونَ ۝ وَمَا نُرِيهِم مِّنْ

ہماری نشانیان وہ تو لگے اوپر ہنسنے اور جو دکھاتے گئے ہم اونکو



آيَةٍ إِلَّا هِيَ أَكْبَرُ مِنْ أُخْتِهَا وَأَخَذْنَاهُم بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ

نشانی سو دوسری سے بڑی اور پکڑا ہمنے اونکو تکلیف مین شاید وہ

يَرْجِعُونَ ۝ وَقَالُوا يَا أَيُّهَ السَّاحِرُ ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ

باز آوین اور کہنے لگے اے جادوگر پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو جیسا

عِندَكَ إِنَّنَا لَمُهْتَدُونَ ۝ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ

سکہا رکہا ہی تجھکو ہم مقرر راہ پر آوین گے پھر جب اوٹہالی ہمنے اونپر سے تکلیف

إِذَا هُمْ يَنكُثُونَ ۝ وَنَادَىٰ فِرْعَوْنُ فِي قَوْمِهِ قَالَ يَا قَوْمِ

تب ہی وہ عہد توڑ ڈالتے اور پکارا فرعون اپنی قوم مین بولا اے قوم میری

أَلَيْسَ لِي مُلْكُ مِصْرَ وَهَٰذِهِ الْأَنْهَارُ تَجْرِي مِن تَحْتِي

بھلا مجھکو نہین حکومت مصر کی اور یہ نہرین چلتی ہین میرے نیچے

أَفَلَا تُبْصِرُونَ ۝ أَمْ أَنَا خَيْرٌ مِّنْ هَٰذَا الَّذِي هُوَ مَهِينٌ ۝

کیا تم نہین دیکھتے بھلا مین ہون بہتر اس شخص سے جسکو عزت نہین

وَلَا يَكَادُ يُبِينُ ۝ فَلَوْلَا أُلْقِيَ عَلَيْهِ أَسْوِرَةٌ مِّن ذَهَبٍ

اور صاف نہین بول سکتا پھر کیون نہ آپڑے اوسپر کنگن سونے کے

أَوْ جَاءَ مَعَهُ الْمَلَائِكَةُ مُقْتَرِنِينَ ۝ فَاسْتَخَفَّ قَوْمَهُ

یا آتے اوسکے ساتھ فرشتے پرا باندھکر پھر عقل کہو دی اپنی قوم کی

فَأَطَاعُوهُ إِنَّهُمْ كَانُوا قَوْمًا فَاسِقِينَ ۝ فَلَمَّا

پہر اوسی کا کہا مانا مقرر وہ تھے لوگ بے حکم پھر جب

آسَفُونَا انتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَاهُمْ أَجْمَعِينَ ۝

ہمکو بہی جہونجہلا دیا تو ہمنے اون سے بدلا لیا پہر ڈوبا دیا اون سب کو

فَجَعَلْنٰهُمْ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلْاٰخِرِيْنَ ۝ وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْيَمَ

پھر کر ڈالا اونکو گئے گذرے اور کہاوت پچھلوں کیواسطے اور جب کہاوت لائے مریم کے

مَثَلًا اِذَا قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ

بیٹے کو تب ہی قوم تیری لگتی ہے اوس سے چلانے ف ١ اور کہتے ہیں ہمارے ٹھاکر بہتر ہیں

اَمْ هُوَ ۭ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا ۭ بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ ۝

یا وہ یہ نام جو دہرتے ہیں تجھ پر سب جھگڑنے کو بلکہ یہ لوگ ہیں جھگڑالو

اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ وَجَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۝

وہ کیا ہے ایک بندہ ہے کہ ہمنے اوسپر فضل کیا اور کھڑا کیا نبی اسرائیل کے واسطے

وَلَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰۗىِٕكَةً فِي الْاَرْضِ

اور اگر ہم چاہیں نکالیں تم میں سے فرشتے زمین میں

يَخْلُفُوْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَ

تمہاری جگہ ف ٢ اور وہ نشان ہے اوس گھڑی کا سو اوس میں دہوکا نہ کرو اور

اتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ

میرا کہا مانو ف ٣ یہ ایک سیدھی راہ ہے اور نہ روکے تمکو

الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ وَلَمَّا جَاۗءَ عِيْسٰى

شیطان وہ تمہارا دشمن ہے صریح اور جب آیا عیسیٰ

بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ

نشانیاں لیکر بولا میں لایا ہوں تمہارے پاس پکی باتیں اور بتانے کو بعضی چیز

الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ

جس میں تم جھگڑتے تھے سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بیشک اللہ جو ہے وہی ہے رب میرا

وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ۝ فَاخْتَلَفَ

اور رب تمہارا اوسکی بندگی کرو یہ ایک سیدھی راہ ہے پھر پھٹ گئے

الْأَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْ عَذَابِ

فرقے اونکے بیچ سے سو خرابی ہے گنہگاروں کو آفت سے

يَوْمٍ أَلِيمٍ ۝ هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا السَّاعَةَ أَن تَأْتِيَهُم بَغْتَةً

دکھ والے دن کی اب یہی راہ دیکھتے ہیں اوس گھڑی کی کہ آ کھڑی ہو اونپر اچانک

وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝ الْأَخِلَّاءُ يَوْمَئِذٍ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ

اور انکو خبر نہ ہو جتنے دوست ہیں اوس دن دشمن ہونگے

عَدُوٌّ إِلَّا الْمُتَّقِينَ ۝ يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ

مگر جو ہیں ڈر والے ع ٢ اے بندو میرے نہ ڈر ہے تم پر آج کے دن

وَلَا أَنتُمْ تَحْزَنُونَ ۝ الَّذِينَ آمَنُوا بِآيٰتِنَا وَكَانُوا

اور نہ تم غم کھاؤ جو یقین لائے ہماری باتوں پر اور رہے

مُسْلِمِينَ ۝ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ أَنتُمْ وَأَزْوَاجُكُمْ تُحْبَرُونَ ۝

حکم بردار چلے جاؤ بہشت میں تم اور تمہاری عورتیں کہ تمہاری عزت کریں

يُطَافُ عَلَيْهِم بِصِحَافٍ مِّن ذَهَبٍ وَأَكْوَابٍ وَفِيهَا مَا

لئے پھرتے ہیں اون پاس رکابیاں سونے کی اور آبخورے اور وہاں ہے جو


تَشْتَهِيهِ الْأَنفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ وَأَنتُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝

دل چاہے اور جس سے آنکھیں آرام پاویں اور تمکو اون میں ہمیشہ رہنا

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي أُورِثْتُمُوهَا بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ لَكُمْ فِيهَا

اور یہ وہی بہشت ہے جو میراث پائی تم نے بدلے اون کاموں کے جو کرتے تھے تمکو اون میں

ع ١١



فَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ مِنْهَا تَأْكُلُونَ ۝ إِنَّ الْمُجْرِمِينَ فِي عَذَابِ

میوے بہت اس میں سے کھاتے ہو ۔ البتہ جو گنہگار ہیں دوزخ کی مار

جَهَنَّمَ خَالِدُونَ ۝ لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيهِ مُبْلِسُونَ ۝

میں ہمیشہ رہتے ۔ نہ ہلکی ہوتی ہے ان پر اور وہ اسی میں پڑے ہیں ناامید

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِنْ كَانُوا هُمُ الظَّالِمِينَ ۝ وَنَادَوْا يَا مَالِكُ لِيَقْضِ

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن تھے وہی بے انصاف ۔ اور پکارتے ہیں اے مالک کہیو ہمکو فیصل

عَلَيْنَا رَبُّكَ ۖ قَالَ إِنَّكُمْ مَاكِثُونَ ۝ لَقَدْ جِئْنَاكُمْ بِالْحَقِّ وَ

کر چکے تیرا رب ۔ وہ کہیگا تمکو رہنا ہے ۔ ہم لائے ہیں تمہارے پاس سچا دین

لَٰكِنَّ أَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كَارِهُونَ ۝ أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ ۝

پر تم بہت لوگ سچی بات سے برا مانتے ہو ۔ کیا انہوں نے ٹھہرا لی ہے ایک بات تو ہم بھی کچھ ٹھہرا دینگے

أَمْ يَحْسَبُونَ أَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوَاهُمْ ۚ بَلَىٰ وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ

کیا خیال رکھتے ہیں کہ ہم نہیں سنتے انکا بھید اور مشورہ ۔ کیوں نہیں اور ہمارے بھیجے ان کے پاس

يَكْتُبُونَ ۝ قُلْ إِنْ كَانَ لِلرَّحْمَٰنِ وَلَدٌ فَأَنَا أَوَّلُ الْعَابِدِينَ ۝

لکھتے ۔ تو کہہ اگر ہو رحمن کو اولاد تو میں سب سے پہلے پوجوں

سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ ۝

پاک ذات ہے وہ رب آسمانوں کا اور زمین کا صاحب تخت کا ان باتوں سے جو بتاتے ہیں

فَذَرْهُمْ يَخُوضُوا وَيَلْعَبُوا حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي يُوعَدُونَ ۝

اب چھوڑ دے انکو بک بک کریں اور کھیلیں جب تک ملیں اپنے اس دن سے جسکا انکو وعدہ ہے

وَهُوَ الَّذِي فِي السَّمَاءِ إِلَٰهٌ وَفِي الْأَرْضِ إِلَٰهٌ ۚ وَهُوَ

اور وہی ہے جسکی بندگی ہے آسمان میں اور اسکی بندگی ہے زمین میں اور وہی ہے



الحكيم العليم ○ وتبارك الذي له ملك السموت والارض

حکمت والا سب جانتا — اور بڑی برکت ہے اوسکی جسکا راج ہے آسمانوں مین اور زمین مین

وما بينهما وعنده علم الساعة واليه ترجعون ○ ولا

اور جو انکے بیچ ہے — اور اوسی پاس ہے خبر قیامت کی — اور اوسی تک پھر جاؤ گے — اور

يملك الذين يدعون من دونه الشفاعة الا من شهد

اختیار نہین رکھتے جنکو یہ پکارتے ہین — سفارش کا — مگر جس نے گواہی دی

بالحق وهم يعلمون ○ ولئن سألتهم من خلقهم ليقولن

سچی — اور اونکو خبر تھی — ق — اور اگر تو اون سے پوچھے کہ اونکو کس نے بنایا تو کہین گے

الله فانى يؤفكون ○ وقيله يرب ان هؤلاء قوم لا

اللہ نے — پھر کہاں سے اولٹ جاتے ہین — قسم ہے رسول کے اس کہنے کی کہ اے رب یہ لوگ ہین کہ

يؤمنون ○ فاصفح عنهم وقل سلم فسوف يعلمون ○

یقین نہین لاتے — ع — سو تو موڑ اونکی طرف سے — اور کہہ سلام ہے — اب آخر کو معلوم کرلین گے

## سورة الدخان مكية وهي تسع وخمسون اية

بسم الله الرحمن الرحيم


شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

حم ○ والكتب المبين ○ انا انزلنه في ليلة مبركة

قسم ہے اس کتاب واضح کی — ہمنے اوسکو اوتارا — ایک برکت کی رات مین

انا كنا منذرين ○ فيها يفرق كل امر حكيم ○ امرا

ہم ہین کہ سنانے والے — ق — اوسی مین جدا ہوتا ہے ہر کام جانچا ہوا — ق — حکم ہو کر



مِنْ عِنْدِنَا ۚ إِنَّا كُنَّا مُرْسِلِينَ ۝ رَحْمَةً مِنْ رَبِّكَ ۚ إِنَّهُ هُوَ

ہمارے پاس سے ہم ہین بھیجنے والے مہر سے تیرے رب کی وہی ہے

السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا

سنتا جانتا رب آسمانون کا اور زمین کا اور جو انکے بیچ ہے

إِنْ كُنْتُمْ مُوقِنِينَ ۝ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۖ رَبُّكُمْ

اگر تمکو یقین ہے کسی کی بندگی نہین سوائے اوسکے جلاتا ہے اور مارتا رب تمہارا

وَرَبُّ آبَائِكُمُ الْأَوَّلِينَ ۝ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ يَلْعَبُونَ ۝

اور رب تمہارے اگلے باپ دادون کا کوئی نہین وہ دہوکے ہین کہیلتے

فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ ۝ يَغْشَى النَّاسَ ۖ

سو تو راہ دیکہ جس دن لاوے آسمان دہوان صریح جو گہیر لے لوگون کو

هَٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ إِنَّا مُؤْمِنُونَ ۝

یہ ہے دکہ کی مار اے رب کہولدے ہمسے یہ آفت ہم یقین لاتے ہین

أَنَّىٰ لَهُمُ الذِّكْرَىٰ وَقَدْ جَاءَهُمْ رَسُولٌ مُبِينٌ ۝ ثُمَّ تَوَلَّوْا

کہان ملے اونکو سمجہنا اور آچکا اون پاس رسول کہول سنانیوالا پہر اوس سے

عَنْهُ وَقَالُوا مُعَلَّمٌ مَجْنُونٌ ۝ إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا ۚ

پیٹہہ پہیری اور کہنے لگے سکہایا ہوا باولا ہم کہولتے ہین عذاب تہوڑے دنون

إِنَّكُمْ عَائِدُونَ ۝ يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرَىٰ إِنَّا مُنْتَقِمُونَ ۝


تم پہر وہی کرتے ہو جسدن پکڑین گے ہم بڑی پکڑ ہم بدلا لینے والے ہین

وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ وَجَاءَهُمْ رَسُولٌ كَرِيمٌ ۝ أَنْ

اور جانچ چکے ہین ہم ان سے پہلے فرعون کی قوم کو اور آیا اون پاس رسول عزت والا کہ

وقف لازم

وقف لازم





أَنْ أَدُّوا إِلَيَّ عِبَادَ اللَّهِ ۖ إِنِّي لَكُمْ رَسُولٌ أَمِينٌ ۝ وَأَنْ لَا

حوالہ کردو میرے بندے خدا کے میں تم پاس آیا ہوں بھیجا معتبر ف۱ اور یہ کہ

تَعْلُوا عَلَى اللَّهِ ۖ إِنِّي آتِيكُمْ بِسُلْطَانٍ مُبِينٍ ۝ وَإِنِّي

نہ چڑھے جاؤ اللہ کے مقابل میں لاتا ہوں تم پاس ایک سند کھلی اور میں

عُذْتُ بِرَبِّي وَرَبِّكُمْ أَنْ تَرْجُمُونِ ۝ وَإِنْ لَمْ تُؤْمِنُوا لِي

پناہ لے چکا ہوں اپنے اور تمہارے رب کی اس سے کہ مجھ کو سنگسار کرو ف۲ اور اگر تم یقین نہیں کرتے میرا

فَاعْتَزِلُونِ ۝ فَدَعَا رَبَّهُ أَنَّ هَٰؤُلَاءِ قَوْمٌ مُجْرِمُونَ ۝

تو مجھ سے پرے ہو جاؤ ف۳ پھر پکارا اپنے رب کو کہ یہ لوگ گنہگار ہیں

فَأَسْرِ بِعِبَادِي لَيْلًا إِنَّكُمْ مُتَّبَعُونَ ۝ وَاتْرُكِ الْبَحْرَ

پھر لے نکل رات سے میرے بندوں کو البتہ تمہارا پیچھا کرینگے اور چھوڑ جا دریا کو

رَهْوًا ۖ إِنَّهُمْ جُنْدٌ مُغْرَقُونَ ۝ كَمْ تَرَكُوا مِنْ جَنَّاتٍ

تھم رہا البتہ وہ لشکر ڈوبنے والے ہیں کتنے چھوڑ گئے باغ

وَعُيُونٍ ۝ وَزُرُوعٍ وَمَقَامٍ كَرِيمٍ ۝ وَنَعْمَةٍ كَانُوا

اور چشمے اور کھیتیاں اور گھر خاصے اور آرام جس میں تھے

فِيهَا فَاكِهِينَ ۝ كَذَٰلِكَ ۖ وَأَوْرَثْنَاهَا قَوْمًا آخَرِينَ ۝

باتیں بناتے اسی طرح اور وہ سب ہاتھ لگا دیا ہم نے ایک اور قوم کو ف۴

فَمَا بَكَتْ عَلَيْهِمُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ وَمَا كَانُوا


پھر نہ رویا ان پر آسمان اور زمین اور نہ ملی ان کو

مُنْظَرِينَ ۝ وَلَقَدْ نَجَّيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ مِنَ الْعَذَابِ

ڈھیل ف۵ اور ہم نے بچا نکالا بنی اسرائیل کو ذلت کی مار سے

ثلثة ارباع

ع ٩



الْمُهِينِ ۝ مِن فِرْعَوْنَ ۚ إِنَّهُ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِينَ ۝

جو فرعون سے تھی بیشک وہ تھا چڑھ رہا حد سے بڑھنے والا

وَلَقَدِ اخْتَرْنَاهُمْ عَلَىٰ عِلْمٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَآتَيْنَاهُم مِّنَ

اور ہمنے پسند کیا … جانکر جہان کے لوگوں سے ف۱ اور دیں اونکو

الْآيَاتِ مَا فِيهِ بَلَاءٌ مُّبِينٌ ۝ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ لَيَقُولُونَ ۝

نشانیاں … جسمین … تھی صریح ف۲ یہ لوگ کہتے ہین

إِنْ هِيَ إِلَّا مَوْتَتُنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ بِمُنشَرِينَ ۝ فَأْتُوا

… ہمارا … اور ہمکو پھر اوٹھنا نہین بھلا لے آؤ

بِآبَائِنَا إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ أَهُمْ خَيْرٌ أَمْ قَوْمُ تُبَّعٍ وَ

ہمارے باپ دادونکو اگر تم سچے ہو اب یہ بہتر ہین یا تبع کی قوم اور

الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ أَهْلَكْنَاهُمْ ۖ إِنَّهُمْ كَانُوا مُجْرِمِينَ ۝ وَمَا

جو اون سے پہلے تھے ہمنے اونکو کھپا دیا وہ تھے گنہگار ف۳ اور جو

خَلَقْنَا السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لَاعِبِينَ ۝ مَا خَلَقْنَاهُمَا

بنایا ہمنے آسمان زمین اور جو انکے بیچ ہے کھیل تین بنایا اونکو بنایا ہمنے

إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّ يَوْمَ

ٹھیک کام پر پر بہت لوگ نہین سمجھتے تحقیق

الْفَصْلِ مِيقَاتُهُمْ أَجْمَعِينَ ۝ يَوْمَ لَا يُغْنِي مَوْلًى عَن

فیصلہ کا دن وعدہ ہے اون سب کا جس دن کام نہ آوے کوئی رفیق

مَّوْلًى شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنصَرُونَ ۝ إِلَّا مَن رَّحِمَ اللَّهُ ۚ إِنَّهُ هُوَ

کسی رفیق کے کچھ اور نہ اونکو مدد پہونچے مگر جسپر مہر کرے اللہ بیشک وہی ہے

الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ۝ إِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّومِ ۝ طَعَامُ الْأَثِيمِ

زبردست رحم والا ۔ مقرر درخت تو ہڑ کا ۔ کھانا ہے گنہگار کا

كَالْمُهْلِ يَغْلِي فِي الْبُطُونِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيمِ ۝ خُذُوهُ فَاعْتِلُوهُ

جیسے پگھلا تانبا کھولتا ہے پیٹون مین ۔ جیسے کھولتا پانی ۔ پکڑو اوسکو اور دھکیل لیجاؤ

إِلَىٰ سَوَاءِ الْجَحِيمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوا فَوْقَ رَأْسِهِ مِنْ عَذَابِ

بیچوں بیچ دوزخ کے ۔ پھر ڈالو اوسکے سر پر جلتے پانی کا عذاب

الْحَمِيمِ ۝ ذُقْ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْكَرِيمُ ۝ إِنَّ هَٰذَا مَا كُنتُم

چکھہ تو ہی ہے بڑا عزت والا سردار ۔ یہ وہی ہے جس مین تم

بِهِ تَمْتَرُونَ ۝ إِنَّ الْمُتَّقِينَ فِي مَقَامٍ أَمِينٍ ۝ فِي جَنَّاتٍ

دہوکھا کرتے تھے ۔ بیشک ڈر والے ۔ گھر مین ہین چین کے ۔ باغون مین

وَعُيُونٍ ۝ يَلْبَسُونَ مِن سُندُسٍ وَإِسْتَبْرَقٍ مُّتَقَابِلِينَ

اور چشمون مین ۔ پہنتے ہین پوشاک ریشمی پتلی اور گاڑہی ایک دوسرے کے سامنے

كَذَٰلِكَ وَزَوَّجْنَاهُم بِحُورٍ عِينٍ ۝ يَدْعُونَ فِيهَا بِكُلِّ

اسی طرح ۔ اور بیاہ دین ہمنے اونکو گوریان بڑی آنکھون والیان ۔ منگواتے ہین وہان ہر

فَاكِهَةٍ آمِنِينَ ۝ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ إِلَّا الْمَوْتَةَ

میوہ خاطر جمع سے ۔ نہ چکھیں گے وہان مرنا مگر جو پہلے مرچکے

الْأُولَىٰ ۖ وَوَقَاهُمْ عَذَابَ الْجَحِيمِ ۝ فَضْلًا مِّن رَّبِّكَ

اور بچایا اونکو دوزخ کی مار سے ۔ فضل سے تیرے رب کے

ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ۝ فَإِنَّمَا يَسَّرْنَاهُ بِلِسَانِكَ

یہی ہے بڑی مراد ملنی ۔ سو یہ قرآن آسان کیا ہمنے تیری بولی مین

ع ۱۷ ۱۳

لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ○ فَارْتَقِبْ إِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُونَ ○

شاید وہ یاد رکھیں اب تو راہ دیکھ وہ بھی راہ تکتے ہیں

## سورة الجاثية مكية وهي سبع وثلثون اية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

حمٓ ○ تَنْزِيلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ○ إِنَّ فِي

اوتارا کتاب کا ہے اللہ سے جو زبردست ہے حکمت والا

السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِينَ ○ وَفِي خَلْقِكُمْ

آسمانوں میں اور زمین میں بہت پتے ہیں ماننے والوں کو اور تمہارے بنانے میں

وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوقِنُونَ ○ وَاخْتِلَافِ

اور جتنے بکھیرتا ہے جانور پتے ہیں ایک لوگوں کو جو یقین رکھتے ہیں اور بدلنے میں

الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَأَحْيَا

رات اور دن کے اور وہ جو اوتاری اللہ نے آسمان سے روزی پھر جلایا

بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ ○

اس سے زمین کو مر گئے پیچھے اور بدلنے میں ہواؤں کے پتے ہیں ایک لوگوں کو جو بوجھتے ہیں

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَ اللّٰهِ

یہ باتیں ہیں اللہ کی ہم سناتے ہیں تجھ کو ٹھیک پھر کونسی بات کو اللہ

وَاٰيٰتِهِ يُؤْمِنُونَ ○ وَيْلٌ لِّكُلِّ أَفَّاكٍ أَثِيمٍ ○ يَسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ

اور اس کی باتیں چھوڑ کر مانیں گے خرابی ہے ہر جھوٹے گنہگار کی کہ سنتے باتیں اللہ کی

تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَأَن لَّمْ يَسْمَعْهَا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ

اوس پاس پڑہی جاوین پھر ضد کرے غرور سے جیسے وہ سنی نہین سو خوشی سنا اوسکو دکھ

أَلِيمٍ ۝ وَإِذَا عَلِمَ مِنْ آيَاتِنَا شَيْئًا اتَّخَذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَٰئِكَ

دکھہ والی مار کی اور جب خبر پاوے ہماری باتون مین کسی چیز کی اوسکو ٹھہرادے ٹھٹھا ایسون کو

لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ ۝ مِّن وَرَائِهِمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا يُغْنِي عَنْهُم

ذلت کی مار ہے پرے اونکے دوزخ ہے اور کام نہ آویگا اونکو

مَّا كَسَبُوا شَيْئًا وَلَا مَا اتَّخَذُوا مِن دُونِ اللَّهِ أَوْلِيَاءَ ۖ وَ

جو کمایا تھا کچھہ اور نہ وہ جو پکڑے تھے اللہ کے سوا رفیق اور

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ هَٰذَا هُدًى ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ

اونکو بڑی مار ہے یہ سوجھا دیا اور جو منکر ہین اپنے رب کی باتون سے

لَهُمْ عَذَابٌ مِّن رِّجْزٍ أَلِيمٌ ۝ اللَّهُ الَّذِي سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ

اونکو مار ہے ایک بلا کی دکھہ والی اللہ وہ ہے جس نے بس مین دیا تمہارے دریا

ع ۱۱

لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيهِ بِأَمْرِهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَ

کہ چلین اوسمین جہاز اوسکے حکم سے اور تلاش کرو اوسکے فضل سے اور

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُم مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي

شاید تم حق مانو اور کام لگائے تمہارے جو کچھہ ہین آسمانون مین اور

الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ

زمین مین سب اوسکی طرف سے اس مین پتے ہین ایک لوگون کو جو دھیان کرتے ہین

قُل لِّلَّذِينَ آمَنُوا يَغْفِرُوا لِلَّذِينَ لَا يَرْجُونَ أَيَّامَ اللَّهِ

کہدے ایمان والون کو معاف کرین اونکو جو امید نہین رکھتے اللہ کے دنون کی

لِيَجْزِيَ قَوْمًا بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ۝ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا

کہ وہ سزا دے ان لوگوں کو بدلا اوسکا جو کماتے تھے ف۱ جس نے بھلا کیا

فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُمْ تُرْجَعُونَ ۝ وَ

تو اپنے واسطے اور جس نے برا کیا تو اپنے حق میں پھر اپنے رب کی طرف پھیرے جاؤ گے اور

لَقَدْ آتَيْنَا بَنِي إِسْرَائِيلَ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ وَ

ہمنے دی ہے بنی اسرائیل کو کتاب اور حکومت اور پیغمبری اور

رَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَآتَيْنَاهُمْ

کھانے کو دین ستھری چیزیں اور بزرگی دی اونکو جہان پر اور دین اونکو

بَيِّنَاتٍ مِنَ الْأَمْرِ فَمَا اخْتَلَفُوا إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْعِلْمُ

کھلی باتیں دین کی پھر پھوٹ جو ڈالی تو سمجھ آچلے پیچھے

بَغْيًا بَيْنَهُمْ إِنَّ رَبَّكَ يَقْضِي بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا

آپس کی ضد سے تیرا رب چکوتی کریگا اون میں قیامت کے دن جس بات میں وہ

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَىٰ شَرِيعَةٍ مِنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَ

جھگڑتے تھے پھر تجھکو رکھا ہمنے ایک رستہ پر اس کام کے سو تو اوسی پر چل اور

لَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ ۝ إِنَّهُمْ لَنْ يُغْنُوا عَنْكَ مِنَ

مت چل چاؤ پر نادانوں کے وہ کام نہ آوینگے تیرے

اللَّهِ شَيْئًا وَإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ

اللہ کے سامنے کچھ اور بے انصاف ایک دوسرے کے رفیق ہیں اور اللہ رفیق ہے

الْمُتَّقِينَ ۝ هَٰذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِقَوْمٍ

ڈر والوں کا یہ سوجھ کی باتیں ہیں لوگوں کیواسطے اور راہ کی اور مہر ہے اون لوگوں کو

يُوقِنُونَ ۝ أَمْ حَسِبَ الَّذِينَ اجْتَرَحُوا السَّيِّئَاتِ أَنْ نَجْعَلَهُمْ

جو یقین لاتے ہین کیا خیال رکھتے ہین جنہون نے کمائی ہین برائیان کہ ہم کردین گے اونکو

كَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَوَاءً مَحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ

برابر اونکے جو یقین لائے اور کئے بھلے کام ایک سا اونکا جینا اور مرنا

سَاءَ مَا يَحْكُمُونَ ۝ وَخَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْحَقِّ

برے دعوے ہین جو کرتے ہین اور بنائے اللہ نے آسمان اور زمین جیسے چاہیین

ع ٢

وَلِتُجْزَىٰ كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ أَفَرَأَيْتَ

اور تا بدلا پاوے ہر کوئی اپنی کمائی کا اور اونپر ظلم نہوگا بھلا دیکھہ تو

مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ

جسنے ٹھہرایا اپنا حاکم اپنی چاو کو اور راہ سے کھو دیا اوسکو اللہ نے جانتا بوجھتا اور مہر کی

سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَنْ يَهْدِيهِ

اوسکے کان پر اور دل پر اور ڈالی اوسکی آنکھہ پر اندھیری پھر کون راہ پر لاوے اوسکو

مِنْ بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ۝ وَقَالُوا مَا هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا

اللہ کے سوائے کیا تم سوچ نہین کرتے اور کہتے ہین اور نہین ہی ہے ہمارا جینا

الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ ۚ وَمَا لَهُمْ

دنیا کا ہم مرتے ہین اور جیتے ہین اور مرتے ہین ہم سو زمانے سے اور اونکو

بِذَٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۖ إِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ

کچھہ خبر نہین اسکی نری اٹکلین دوڑاتے ہین ف اور جب سنائے

عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ مَا كَانَ حُجَّتَهُمْ إِلَّا أَنْ قَالُوا

اونکو ہماری آیتین کھلی اور جھگڑا نہین اونکو مگر یہی کہ کہتے ہین

ائْتُوا بِآبَائِنَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ

لے آو ہمارے باپ دادون کو اگر تم سچے ہو تو کہہ اللہ جلاتا ہے تمکو پھر

يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يَجْمَعُكُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ وَلٰكِنَّ

مارتا ہے تمکو پھر اکٹھا کریگا تمکو قیامت کے دن تک اسمین کچھ شک نہین پر

أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ

بہت لوگ نہین سمجھتے اور اللہ کا راج ہے آسمانون مین اور زمین مین

وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ يَوْمَئِذٍ يَخْسَرُ الْمُبْطِلُونَ ۝ وَتَرٰى

اور جسدن اوٹھے گی قیامت اوسدن خراب ہونگے جھوٹے اور تو دیکھے

كُلَّ أُمَّةٍ جَاثِيَةً كُلُّ أُمَّةٍ تُدْعٰى إِلٰى كِتٰبِهَا الْيَوْمَ

ہر فرقہ زانو پر بیٹھے ہین ہر فرقہ بلایا جاتا ہے اپنے اپنے دفتر کو آج

تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ

بدلا پاؤگے جیسا تم کرتے تھے یہ ہمارا دفتر ہے بولتا ہے تمہارے کام

بِالْحَقِّ إِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ

ٹھیک ہم لکھواتے جاتے تھے جو کچھ تم کرتے تھے سو جو

آمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُدْخِلُهُمْ رَبُّهُمْ فِي رَحْمَتِهٖ ذٰلِكَ

یقین لائے ہین اور بھلے کام کئے سو اونکو داخل کریگا اونکا رب اپنی مہر مین یہ جو ہے

هُوَ الْفَوْزُ الْمُبِينُ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا أَفَلَمْ تَكُنْ آيٰتِي

یہی ہے صریح مراد ملنی اور جو منکر ہوئے کیا تمکو سنائی نہ جاتی تہین باتین

تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَاسْتَكْبَرْتُمْ وَكُنْتُمْ قَوْمًا مُجْرِمِينَ ۝ وَإِذَا

میری پھر تم نے غرور کیا اور ہو رہے تم لوگ گنہگار اور جب



قِيلَ إِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيهَا قُلْتُم

کہے کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور اوس گھڑی مین دھوکا نہین تم کہتے

مَّا نَدْرِي مَا السَّاعَةُ إِن نَّظُنُّ إِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ

ہم نہین سمجھتے کیا ہے وہ گھڑی ہمکو آتا ہے تو ایک خیال سا اور ہمکو

بِمُسْتَيْقِنِينَ ۝ وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوا وَحَاقَ بِهِم

یقین نہین ہوتا اور کھلین اون پر برائیان اون کامون کی جو کیے تھے اور الٹ پڑے اون پر

مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝ وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنسٰىكُمْ كَمَا

جس چیز سے ٹھٹھا کرتے تھے اور حکم ہوا کہ آج ہم تمکو بھلاوین گے جیسے

نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَمَأْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن

تم نے بھلا دیا اپنے اس دن کا ملنا اور گھر تمہارا دوزخ ہے اور کوئی نہین تمہارے

نّٰصِرِينَ ۝ ذٰلِكُم بِأَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ

مددگار ع۱ یہ تم پر اسواسطے کہ تم نے پکڑا اللہ کی باتون کو ٹھٹھا اور بہکے

الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُونَ مِنْهَا وَلَا هُمْ

دنیا کے جینے پر سو آج نہ اونکو نکالنا ہے وہان سے اور نہ اون سے

يُسْتَعْتَبُونَ ۝ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ

چاہین توبہ ع۲ سو اللہ کو ہے سب خوبی جو رب ہے آسمانون کا اور رب ہے

الْأَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِينَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ

زمین کا اور رب سارے جہان کا اور اوسی کو بڑائی ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝

آسمانون مین اور زمین مین اور وہی ہے زبردست حکمت والا










# سُوْرَةُ الْاَحْقَافِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسٌ وَّثَلٰثُوْنَ اٰيَةً

## بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا

حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ مَا خَلَقْنَا

اوتارا کتاب کا ہے اللہ سے جو زبردست ہے حکمت والا ہمنے جو بنائے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

آسمان اور زمین اور جو انکے بیچ ہے سوا ایک کام پر اور ایک ٹھہرے وعدے پر

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا

اور جو منکر ہین ڈر سنایا نہین دہیان کرتے تو کہہ بہلا دیکہہ تو جنکو

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ

پکارتے ہو اللہ کے سواے دکہاؤ تو مجھکو اونہون نے کیا بنایا زمین مین یا کچھ

لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ اِیْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ

انکو ساجھا ہے آسمانون مین لاؤ میرے پاس کوئی کتاب اس سے پہلے کی یا چہلا آتا

مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ

کوئی علم اگر ہو تم سچے اور اوس سے بہکا کون جو پکارے

دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ

اللہ کے سواے ایسے کو کہ نہ پہونچے اوسکی پکار کو دن قیامت تک اور اونکو

عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝ وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا

خبر نہین انکے پکارنے کی اور جب لوگ جمع ہونگے وہ ہونگے

لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝ وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ

اونکے دشمن اور ہونگے انکے پوجنے سے منکر اور جب سنائے اونکو

اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا

ہماری باتین کھلی کہتے ہین منکر سچی بات کو جب اون تک پونہچے یہ

سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا

جادو ہے صریح کیا کہتے ہین یہ بنا لایا تو کہہ اگر مین یہ بنا لایا ہون تو تم

تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ كَفٰى

میرا بہلا نہین کرسکتے اللہ کے سامنے کچھہ اوسکو خوب خبر ہے جن باتون مین لگے ہو وہ بس ہے

بِهٖ شَهِيْدًا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ قُلْ

حق بتانیوالا میرے تمہارے بیچ اور وہی ہے گناہ بخشتا مہربان ف۱ تو کہہ

مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَمَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ

مین کچھہ نیا رسول نہین آیا اور مجھکو معلوم نہین کیا ہوتا ہے مجھہ سے اور نہ تم سے

اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ قُلْ

مین اوسی پر چلتا ہون جو حکم آتا ہے مجھکو اور میرا کام یہی ہے ڈر سنا دینا کہول کر تو کہہ

اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ

بہلا دیکہو تو اگر یہ ہو اللہ کے ہان سے اور تمنے اسکو نہین مانا اور گواہی دیچکا ایک گواہ

مِّنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ

بنی اسرائیل کا ایک ایسی کتاب کی پہر وہ یقین لایا اور تمنے غرور کیا

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ

بیشک اللہ راہ نہین دیتا گنہگارون کو ف۲ اور کہنے لگے

كَفَرُوا لِلَّذِينَ آمَنُوا لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُونَا إِلَيْهِ ۚ وَإِذْ لَمْ

منکر ایمان والون کو اگر یہ کچھ بہتر ہوتا تو یہ نہ دوڑتے اس پر پہلے ہمسے اور جب

يَهْتَدُوا بِهِ فَسَيَقُولُونَ هَٰذَا إِفْكٌ قَدِيمٌ ۝ وَمِن قَبْلِهِ

راہ پر نہین آئے اسکے بتلانے سے تو یہ اب کہین گے یہ جھوٹ ہے مدت کا ق اور اس سے پہلے

كِتَابُ مُوسَىٰ إِمَامًا وَرَحْمَةً ۚ وَهَٰذَا كِتَابٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا

کتاب موسی کی ہے راہ ڈالتی اور مہر اور یہ ایک کتاب ہے اوسکو سچا کرتی عربی زبان

عَرَبِيًّا لِّيُنذِرَ الَّذِينَ ظَلَمُوا وَبُشْرَىٰ لِلْمُحْسِنِينَ ۝

مین کہ ڈر سناوے گنہگارون کو اور خوشخبری نیکی والون کو

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا فَلَا خَوْفٌ

مقرر جنہون نے کہا رب ہمارا اللہ ہے پھر ثابت رہے تو نہ ڈر ہے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَالِدِينَ

انپر نہ وہ غم کہاوین گے وہ ہین بہشت کے لوگ سدا رہین گے

فِيهَا جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ

اوس مین بدلا اوسکا جو کرتے تھے اور ہمنے تقید کیا ہے انسان کو

بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا ۖ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا ۖ

اپنے ماں باپ سے بھلائی پیٹ مین رکھا اسکو اوسکی ماں نے تکلیف سے اور جنا اوسکو تکلیف سے

وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا ۚ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَ

اور حمل مین رہنا اوسکا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے مین ہے یہانتک کہ جب پہونچا اپنی قوت کو اور

بَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ

پہونچا چالیس برس کو کہنے لگا اے رب میرے میری قسمت مین کر کہ شکر کرون احسان تیرے کا



الَّتِيٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ

جو مجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جس سے تو راضی ہو اور

اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

نیک کر مجھکو اولاد میری میں نے توبہ کی تیری طرف اور میں ہوں حکم بردار ف

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ

وہ لوگ ہیں جن سے ہم قبول کرتے بہتر سے بہتر کام جو کئے ہیں اور معاف کرتے ہیں ہم

سَيِّاٰتِهِمْ فِيْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا

برائیاں اونکی جنت کے لوگوں میں سچا وعدہ جو اونکو

